خواص کامل

سورۃ المزمل

سے

دینی و دنیاوی مشکلات و مسائل کا حل

مصنف

السید علی حسین شاہ

سورۃ المزمل

سے

دینی و دُنیاوی مشکلات و مسائل کا حل

مصنف

السید علی حسین شاہ (قادری قلندری)

علم و عرفان پبلشرز / روبی پبلی کیشنز

الحمد مارکیٹ، 40-اُردو بازار، لاہور۔
فون: 37352332، 37232336 فیکس: 37223584

دکان 13 الحمد مارکیٹ غزنی سٹریٹ اُردو بازار، لاہور
فون نمبر: 042-37243301

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

نام کتاب .... سورہ مزمل سے
دینی و دنیاوی مشکلات و مسائل کا حل

مصنف .... علی حسین شاہ

ناشر .... آفتاب ہاشمی

مطبع .... زاہدہ نوید پرنٹرز، لاہور

سن اشاعت .... نومبر 2011ء

قیمت .... -/100 روپے

☆......ملنے کا پتہ......☆

علم و عرفان پبلشرز / روبی پبلی کیشنز

الحمد مارکیٹ، 40- اردو بازار، لاہور۔ فون: 37352332، 37232336 فیکس 37223584

دکان 13 الحمد مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار، لاہور فون نمبر: 042-37243301

(7) پیش لفظ
(8) سورۃ المزمل، اعتصام
(10) انتقام
(11) یاد رکھئے
(12) سورۃ المزمل میں (۴۸) میم ہیں، ۱، میم ۲، میم
(13) ۳ میم
(14) ۴ میم، ۵ میم
(15) ۶، ۷، ۸ میم
(16) ۹، ۱۰، ۱۱ میم
(17) ۱۲، ۱۳، ۱۴ میم
(18) ۱۵، ۱۶، ۱۷ میم
(19) ۱۸، ۱۹ میم
(20) ۲۰، ۲۱، ۲۲ میم
(21) ۲۳، ۲۴، ۲۵ میم
(22) ۲۶، ۲۷، ۲۸ میم
(23) ۲۹، ۳۰، ۳۱ میم
(24) ۳۲، ۳۳، ۳۴، ۳۵ میم
(25) ۳۶، ۳۷، ۳۸، ۳۹ میم
(26) ۴۰، ۴۱ میم
(27) ۴۲، ۴۳، ۴۴، ۴۵ میم
(28) نقشہ پنتالیس میم
(30) منہ کی اندرونی تکالیف
(31) خواب، مردے کو دیکھنا دیگر کئی مقاصد
(32) بے خوابی نیند نہ آنا
(33) ہر وقت سوتے رہنا
(34) حمل قائم ہو
(35) نقش المزمل
(36) دشمن تباہ و برباد ہو
(37) دشمن کا رزق بند، جدائی و تفریق
(38) دکان خوب چلے
(39) حافظہ تیز ہو
(40) زیادتی نور
(41) عمل لاثانی
(42) تیغ بندی و دیگر کام
(43) رشتہ حاصل ہو
(44) سورۃ المزمل شریف کا کراماتی تیل
(45) دشمن کا قلع قمع
(46) اصلاح شوہر، درد جسمانی
(47) غلط فہمی ازالہ
(48) فوائد مفردات سورۃ المزمل
(50) حاضری جنات، ترقی روحانی
(51) صرف بچوں کے معاملات میں
(52) دکان میں برکت حاصل ہو، تسخیر
(53) نقش مزمل کے مختصر خواص
(54) بدمزاج آوارہ شوہر، ناجائز غصہ
(56) مشترک اعمال سورۃ المزمل، حاجت روائی، مستجاب الدعا، فتوحات
(57) حصول رحمت، حاجت پوری

فہرست خواص کامل (سورۃ المزمل شریف)

(58) قبول دعا، حصول رحمت
(59) حاجت روائی، ہر مقصد کیلئے، فوائد عجیب
(60) قبول دعا
(61) مشکلات ومصائب کا خاتمہ
(63) سورۃ المزمل شریف باموکل، چلہ سورۃ المزمل شریف
(66) فتوحات دینی ودنیاوی
(67) فتوحات ظاہری وباطنی
(68) حب وبغض، باطن کھل جائے
(69) مطلوب حاضر ہو
(70) میاں بیوی، تسخیر خلائق
(71) تسخیر حاکم، تسخیر دیو پری
(72) وسعت رزق، سونے کا درخت
(73) تباہی دشمنان
(74) ہلاکت دشمن، تباہی وبربادی دشمن، ہلاکت وتباہی
(75) ویرانی، بندش بدی، تباہی
(76) شرطیہ ہلاکت
(77) بندش کھل جائے
(78) گھر وکاروبار میں خیر وبرکت
(80) اپنے حق میں کرنا
(81) تسخیر خلائق
(82) مختلف اعمال سورۃ المزمل شریف، عداوت، دفع مسان
(83) ایضاً، اولاد زندہ رہے، اولاد پیدا ہو
(84) ایضاً، اولاد نرینہ، شادی ہو
(85) رہائی قیدی، قرب حضور ﷺ
(86) رحمت الٰہی، فتوحات
(87) محبوب، دشمن
(88) محبوب، اطاعت محبوب
(89) واپسی مفرور، قائم حمل، مسخر
(90) فتح مندی، کسی کو دوست بنانا
(91) پیار پیدا ہو، زبان بندی، بھاگا ہوا واپس آئے
(92) حاضرات، اولاد نرینہ
(93) خواب بندی، کشائش رزق
(94) حب، درد پستان، رزق بندی، چوری کا سامان برآمد
(95) جموگہ، ناف، ترقی دکان
(96) خاتمہ درد، نظر بد

انتباہ

اس کتاب کا کوئی حصہ نقل کرنے یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے، فوٹو کاپی کرنے یا ترسیل کرنے کی اجازت نہیں۔

مصنف سے خط وکتابت کا پتہ

السید علی حسین شاہ (قادری قلندری)

Mob.0300-4241341

اپنے نام سے اپنی مشکلات کو خود حل کریں۔

السید علی حسین شاہ (قادری قلندری) کی لازوال تصنیف

شائع ہوگئی ہے

نام سنوارے کام

بذریعہ نام جادو ٹونے کا توڑ خود کیجئے۔

بذریعہ نام روحانی وجسمانی بیماریوں کا علاج۔

ناموں کی مناسبت سے درود شریف اور اسم الٰہی کا ورد۔

کس نام کا مرد کس نام کی عورت سے شادی کرے اور کس نام کی عورت کس نام کے مرد سے شادی کرے۔

ناموں کی مناسبت سے روحانی نقوش جس کے استعمال کے لئے اجازت کی ضرورت نہیں۔

مصائب اور مشکلات کے حل کے لئے اپنے نام پر کیا صدقہ دینا چاہئے۔

نام کی مناسبت سے کاروبار۔

نام کی مناسبت سے خوش قسمتی کی لوح۔

اپنے نومولود بچے کا نام رکھنے سے پہلے اس کتاب کو ضرور پڑھئے۔

قیمت =/170 روپے

آفتاب پبلی کیشنز

بابا فرید ضلع کچہری لاہور

Ph:7311965 Mob.0333-4302837

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

اللہ تبارک وتعالیٰ کے فضل واحسان سے یہ کتاب میری تمام کتابوں کی طرح بھی مختلف ہوگی۔ اور اس میں جو بھی مواد ہوگا وہ اللہ کے فضل سے کسی بھی کتاب کا نقل شدہ نہیں ہوگا۔ اس سورۃ سے متعلق جتنے بھی خواص ہیں۔ وہ بغیر کسی بخل کے درج کر دیے ہیں۔ آگے جو کوئی بھی مرد و خاتون محنت کریگا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ اسے ضرور صلہ دیگا۔ اس کتاب میں ان تمام عملیات کا ذکر دل کھول کر کر دیا ہے جو باپ بیٹے سے چھپاتا ہے اور میں نے ایسا کیوں کیا؟ اس لئے کہ اگر کوئی شخص دل کے ساتھ پڑھائی وظیفہ یا کوئی عمل کرتا ہے تو بالکل اس بنیاد پر ہی کرتا ہے کہ کتاب میں بتانے والا مصنف صحیح اور ٹھیک بیان کر رہا ہے جبکہ ایسا بہت ہی کم ہوتا ہے لیکن میں اللہ کو حاضر وناظر جان کر تمام ان عملیات اور تعویذات کو درج کر رہا ہوں جو واقعی بتانے والے نہیں ہوتے اس لئے کہ کہیں ایسے افراد اس موضوع کے وارث یا سردار نہ بن بیٹھیں جو اس قابل نہیں میں اپنی اس کتاب میں تمام ان عملیات کو فی سبیل اللہ درج کر رہا ہوں جو میرے روحانی استادوں کے سینے کے راز ہیں اور یہ سب ان کی اجازت سے ہی درج کر رہا ہوں اور تمام باتوں کو بتا کر اللہ سے ایک یہی دعا ہے کہ جو فرد بھی اس کتاب کو غلط معنوں میں استعمال کرنے کی کوشش کرے وہ کبھی بھی اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو اور جو اس کتاب سے مستفید ہونے کے ساتھ اللہ کی مخلوق کی مدد کرے وہ ضرور کامیاب ہو اور اللہ کے دین کی پیروی کرے اور سنت رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی زندگی میں سب سے بڑھ کر اہمیت دے۔

از

پیر السید علی حسین شاہ

سجادہ نشین

حضرت پیر السید محمد شاہ گولڑے والا

سورة المزمل

اعتصام

بسم الله الرحمن الرحيم. بسم الله رب الاخرة
والاولى الذى لا غاية له ولا منتهى له فى السموات
العلى الرحمن على العرش استوىٰ له ما فى السموات
وما فى الارض وما بينهما وما تحت الثرىٰ وان تجهر
بالقول فانه يعلم السر واخفىٰ الله لا اله الا هو له
الاسماء الحسنىٰ الله عظيم العظماء دائم النعماء قاهر
الاعداء الرحمن العاطف على خلقه برزقه المعروف
بلطفه العادل فى حكمه العالم فى ملكه رحيما بخلقه
رحيم الرحماء عليم العلماء بصير البصراء باعث
الانبياء صاحب الاولياء سبحانه قادر على ما يشاء قدير
سبحان الملك الحميد ذى العرش المجيد فعال لما يريد.

بسم الله الرحمٰن الرحيم

يايها المزمل قم اليل الا قليلا نصفه اونانقص منه قليلا
اوزد عليه ورتل القرآن ترتيلا انا سنلقى عليك قولا
ثقيلا ان ناشئة اليل هى اشد وطاوا قوم قيلا ان لک فى
النهار سبحا طويلا واذكر اسم ربک وتبتل اليه تبتيلا

رب المشرق والمغرب لا اله الا هو فاتخذه وكيلا
واصبر على ما يقولون واهجرهم هجرا جميلا وذرنى
والمكذبين اولى النعمته ومهلهم قليلا ان لدينا انكالا و
جحيما وطعاما ذا غصة و عذابا اليما يوم ترجف
الارض و الجبال و كانت الجبال كثيبا مهيلا انا ارسلنا
اليكم رسولا شاهدا عليكم كما ارسلنا الى فرعون
رسولا فعصىٰ فرعون الرسول فاخذنه اخذا وبيلا فكيف
تتكون ان كفرتم يوما يجعل الولدان شيبا السماء
منفطر به كان وعده مفعولا ان هذه تذكرة فمن شاء
اتخذ الى ربه سبيلا ان ربک يعلم انک تقوم ادنى من
ثلثى اليل ونصفه وثلثه و طائفة من الذين معک و الله
يقدر اليل والنهار علم ان لن تحصوه فتاب عليكم فاقرء
وا ما تيسر من القرآن علم ان سيكون منكم مرضى
واخرون يضربون فى الارض يبتغون من فضل الله
واخرون يقاتلون فى سبيل الله فاقرء وا ما تيسر منه
واقيموا الصلوة واتوا الزكوة و اقرضوا الله قرضا حسنا
وما تقدموا لا نفسكم من خير تجدوه عند الله هوَ خيرا
و اعظم اجرا واستغفر وا الله ان الله غفور رحيم.

اختتام

بسم اللہ الرحمن الرحیم. رب الارباب ومسبب الاسباب وسابق الاسباق ورازق الارزاق وخالق الخلائق وقادر المقدور وقاھر المقھور وعادل فی یوم الحشر والنشور اله العلمین جامع الناس یوم الواقعة ربنا غفور رحیم حلیم شکور الاول القدیم خالق العرش العظیم والسموات والارضین وھو السمیع العلیم قابل التوبة شکور حلیم غفور رحیم والحمد لله رب العرش العظیم ھو الاول والاخرة و الظاھر والباطن والدائم الرازق للخلائق والبھائم صاحب العطا یا و دافع البلایا یا من یشفیٰ السقیم ویغفر الخاطئین ویبوء النادمین و یعفو الظلمین ویحب الصالحین۔

یاد رکھیے

کہ عملیات وتعویذ گنڈے دین اسلام کا بالکل حصہ نہیں ہیں۔ لیکن اگر کوئی بھی اللہ کی کلام کو جائز کاموں اور دشمنوں کو اللہ کے عذاب میں مبتلا کرنے کیلئے انہیں مختلف طریقہ کار سے ورد کرے یا اس کلام کے بنے نقوش سے جائز کاموں میں چاہے مدد حاصل کرے تو اس میں کوئی گناہ نہیں ہے۔ بلکہ اللہ کی کلام کو پڑھنے اسے ورد کرنے اس کلام کے لکھے نقش کو لکھنے سے ثواب ونیکیاں اس صورت میں ملتی ہیں۔ جب کہ مقصد ونیت اور کام سب کچھ ہی جائز ہو اور اگر کوئی جان بوجھ کر اس کلام کو کسی مسلمان کو ستانے اور اسے اذیت کا نشانہ بنانے کیلئے استعمال کرتا ہے تو اللہ کا عذاب اس فرد پر واپس پلٹتا ہے جو جان بوجھ کر سچی اور پاک کلام کو جھوٹی اور پلید جگہ استعمال کرنے کا ارادہ رکھتا ہو۔ چونکہ عملیات ونقوش دونوں ہی دین اسلام سے باہر ہیں۔ اور یہ کتاب اس سورۃ کے مختلف فارمولوں اور نقوشوں سے خصوصی طور سے ترتیب دی گئی ہے۔ اس لئے ہر کوئی اس سورۃ کے لکھے جائز فارمولوں کو استعمال کرے اس کی بدولت زیادہ سے زیادہ ثواب و نیکیاں حاصل ہونے کے کام بھی اپنے سنوریں گے۔ اور کسی بھی کام میں اس کلام یا نقش کو استعمال کرنے سے گناہ نہیں ہوگا۔ اگر کوئی اسی کلام کو ناجائز جگہ استعمال کریگا تو اسے نقصان اس صورت میں ہوگا جب کہ کوئی حریف سچا اور حق پر ہو اور اسے جان بوجھ کر اس سورۃ یا اس کے نقش کا سہارا لے کر اسے حق سے ہٹایا جائے بلکہ اگر کوئی دشمن مسلمانوں کو پریشان کرتا ہو اور طرح طرح کے بد عملیات کرواتا ہو تب اس سچی کلام سے اسے اسی کے طریقہ کار سے روکا جا سکتا ہے اور خود بذریعہ کلام اللہ اور ان نقوش سے جادو ٹونے اور دشمن کے مختلف طریقہ کار سے محفوظ ہوا جا سکتا ہے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں ہے۔

سورۃ المزمل میں 48 میم ہیں۔

اللہ کی قدرت دیکھئے کہ اس جلیل القدر سورۃ شریف میں 48 میم ہیں جن کا اگر مفرد عدد حاصل کیا جائے تو وہ عدد 3 بنتا ہے۔ 3 عدد اللہ کے مفرد عدد کے برابر ہے۔ یعنی اسم اعظم ذات اللہ اور اس سورۃ شریف کے مفرد عدد ایک جیسے ہیں۔ اب ان 48 میم کے علیحدہ علیحدہ خواص دیکھئے اور خود آزمائیے کہ ایک ایک میم میں کونسا راز چھپا ہوا ہے۔ جو کہ آج سے پہلے کسی کو معلوم نہ ہوگا۔

1 میم

جوکوئی بھی 48 مرتبہ سفید کاغذ پر 48 مرتبہ لفظ میم چاروں اطراف میں نیچے دی گئی مثال کے ساتھ لکھے اور اپنے پاس خوشبو سے معطر کر کے رکھے تو وہ افسران بالا حکماء اور ہر خاص و عام کی نظروں میں عزیز ہوگا۔ ہر کوئی اس کو اپنا دوست جانے گا اور اپنے دل کے راز بھی اس فرد کو بتائے گا جو اس عمل کو بتائے گئے طریقے سے کریگا۔ اس عمل کیلئے اپنے دل کو کدورت نفرت اور ہر برے خیالات رکھنے سے پاک کرے اور اس جلیل القدر سورۃ شریف کے پہلے میم سے منسوب عمل کو کر کے خود دیکھ لے کہ اتنا آسان عمل اور ایسے طاقتور اثرات ہیں جس سے کوئی بھی انکاری نہیں کر سکتا دن نوچندی جمعرات کا ہوگا۔

2 میم

جوکوئی بھی نوچندے بدھ والے دن 48 میم سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اسے اپنے روپے رکھنے والی جگہ پر رکھے تو دست غیب حاصل ہوگا۔ اگر کوئی

کھیت، غلہ، مال وزر کیلئے اسی سفید کاغذ پر بنے 48 میم کو کھیت یا غلہ کی جگہ پر عین وسط میں گاڑ دے تو پہلے کی نسبت آئندہ زیادہ غلہ پیدا ہوگا۔ زیادتی رزق و دولت اور غیب سے رزق کے معاملے میں وسائل پیدا کرنے کیلئے اسی کاغذ کو چاندی کی انگوٹھی کے نیچے رکھوا کر اوپر (میم) لکھوائے اور اسے اپنے سیدھے ہاتھ کی انگلی میں پہنے اللہ کے حکم سے رزق کے معاملے میں رکاوٹوں کا خاتمہ ہوگا۔ اور غیب سے رزق کے وسائل پیدا ہونگے۔ اگر کوئی دوسروں پر ناحق ظلم کرتا ہو اور طرح طرح کی اذیتیں دیتا ہو تو اس کاغذ کو کسی میٹھی شے میں گھول کر پلانے سے وہ اپنی اس عادت کو ترک کردے اور لوگوں سے پیار و محبت سے پیش آئیگا۔ اگر کسی مریض کو ۴۸ میم چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر گلاب کے عرق سے دھو کر پلائے جائیں تو اس کی سو سال پرانے امراض اس عمل کی بدولت ختم ہو جائینگے۔

3 میم

اگر کوئی بھی ہر بدھ والے دن بوقت صبح سورج طلوع کے 48 میم کو سفید کاغذ پر لکھ کر اسے گلاب کے عرق سے دھو کر پیئے اور اس کاغذ کو بھی نگل جائے تو اس کے دل سے تاریکی دور ہو کر نور پیدا ہوگا۔ انسان اصلاح کی جانب زیادہ مائل ہوگا۔ گناہوں اور دوسرے عیبوں سے انشاء اللہ



پاک ہو جائیگا۔ لیکن اس عمل کے ساتھ ساتھ خود بھی اچھے کاموں کی طرف راغب ہونا چاہئے اللہ کے حکم سے دل میں نور پیدا ہوگا۔ اور گناہوں سے نفرت ہوگی۔

4 میم

جو کوئی بھی 48 میم کو بوقت زوال دن نوچندہ منگل والے زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اسے اپنے گھر یا دکان کے قبلہ رخ لگائے تو اس فرد کو اپنے کاروبار و گھر میں ثابت قدمی حاصل ہوگی۔ گھر اور کاروبار نحوستوں اور دیگر پریشانیوں سے محفوظ ہوگا۔ حرام کام اور گناہ اس فرد سے سرزد نہیں ہوگا۔ اگر کوئی اس کاغذ کو کسی میٹھی شے میں گھول کر ان دو افراد یا دو خاندانوں والوں کو پلائے جو آپس میں اتفاق قائم نہ کرتے ہوں تو اللہ کے حکم سے ان کے درمیان دوستی پیدا ہوگی اور ہر کوئی ایک دوسرے کو عزیز رکھے گا۔ میاں بیوی اس عمل کو ضرور کریں اس عمل کی بدولت ان کی چھوٹی اور بڑی باتوں پر پردہ پڑا رہیگا۔ انشاء اللہ

5 میم

اگر کوئی نورانی ارواح ملائک اور دیگر مخفی اسرار کے متعلق جاننا چاہتا ہو کسی چھپی شے کو ظاہراً اپنی آنکھوں سے دیکھنا چاہتا ہو تو 48 مرتبہ ایک سفید کاغذ پر میم لکھے اور اسے تعویذ کی طرح بند کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے اور خود روزانہ بعد نماز عشاء سورۃ مزمل کو اعتصام واختتام گیارہ مرتبہ اور درمیان میں تین مرتبہ پڑھے اوپر جو لکھا ہے وہ درست ثابت ہوگا۔ اس عمل کو ذکر کسی دوسرے سے نہ کرے اس عمل کی بدولت اگر کوئی اس کے خلاف بدزبانی کرتا ہوگا۔ تو اس کی اصلاح ہوگی اور ناجائز زبان استعمال کوئی نہیں کریگا۔ اگر کسی کی کوئی چیز اکثر گم ہو جاتی ہو یا کوئی قیمتی شے چرائی گئی ہو تو اپنا مقصد اس کے پیچھے لکھ کر اسے قرآن مجید کے اندر رکھ دے چور جہاں بھی ہوگا واپس آئیگا اور جہاں سے چیز

چرائی ہوگی وہیں واپس رکھے گا۔ اگر ایسا نہیں کریگا تو وہ بہت زیادہ پریشان ہوگا۔ جو اس کی برداشت سے باہر ہوگا۔

6 میم

اگر کوئی سفید کاغذ پر زعفران سے 48 میم کو لکھ کر اس کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھے اور تمام عمل کو نوچندے پیر والے دن کرے تو اس پر کسی بھی قسم کے جادو کا اثر نہیں ہوگا۔ اور اگر کوئی اسی کاغذ کو سبز ریشمی کپڑے کے اندر بند کر کے رات کو سوتے وقت اپنے سیدھے دانتوں کے نیچے دبائے تو اس کی ارواح سے ملاقات ہوگی۔ جو طرح طرح کے حالات و واقعات سے روشناس کروائیں گی۔ اس تمام عمل کا کسی سے بھی ذکر نہ کیا جائے۔

7 میم

اگر کوئی اپنی ادھوری خواہشات کی تکمیل یا کسی خاص مقصد میں کامیاب ہونا چاہتا ہو تو وہ سفید کاغذ پر 48 میم لکھ کر دن اتوار آغاز ماہ کے آخری دنوں میں اپنے مکان کی کسی بھی خالی جگہ پر لٹکا دے تو جیسی مراد کوئی رکھتا ہوگا۔ اللہ کے حکم سے پوری ہوگی لکھتے وقت اگر سورۃ مزمل شریف کا ورد کیا جائے تو بہت بہتر ہے۔

اس عمل کے ساتھ روزانہ اعتصام واختتام کے ساتھ سورۃ مزمل کو ورد کرے۔

8 میم

اگر کوئی 48 میم کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر بدھ والے دن رات ایسی تنہا جگہ پر بیٹھ کر لکھے جہاں کسی دوسرے کی آواز کانوں میں نہ پڑے اور اس گھر یا وہاں پر رہنے والے سو چکے ہوں اور اپنے پاس رکھے تو اس کا دل اور ہاتھ کشادہ ہونگے لوگوں کی نظروں میں واجب الاحترام ہوگا۔ اور ان کا مکمل اعتماد حاصل کیا جا سکے گا۔ لیکن اس عمل میں جائز کام لینے ہونگے قرض کی ادائیگی کیلئے

بھی یہ عمل نہایت مفید ہے اس سب عمل میں سورۃ شریف کا اتنی دیر تک ورد کیا جائے جب تک عمل ختم نہ ہو جائے۔

9 میم

اگر کوئی 48 میم کو دن ہفتہ بوقت طلوع آفتاب کے وقت لکھ کر کسی جامع مسجد کے عین وسط میں دفن کر دے اور اپنے دل میں یہ نیت رکھے کہ اگر اس کا اژدھے کے منہ میں ہی کیوں نہ ہو سالم رہیگا یعنی محفوظ رہیگا مال و دولت کی حفاظت کیلئے اس عمل کو کیا جائے چور اور کوئی بھی دیگر ہوائی چیز مال کے علاوہ کسی بھی شے کو نہیں چرائیں گے اگر کوئی بھاگ گیا ہو تو اس کاغذ کو بھاگنے والے کے کمرے یا اس کے رہنے والی جگہ پر ہوا میں لٹکایا جائے اور خود سورۃ مزمل شریف کو گیارہ مرتبہ روزانہ صبح اپنے مقصد کا تصور باندھ کر پڑھا جائے۔

10 میم

اگر کوئی 48 میم کو سفید کاغذ پر زعفران سے تب لکھے جب چاند بالکل گول ہو جاتا ہے اور اسے چاند کی چاندنی والا دن کہتے ہیں اس کی روشنی میں لکھا جائے اور جس سے محبت قائم کرنی ہو اس کا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھا جائے اگر سو کوس دور بھی ہوگا۔ تو صاحب ملاقات سے ملاقات کئے بغیر ایک پل بھی نہیں رہیگا۔ بڑے لوگوں میں عزت مقام اور دیگر دنیاوی مقاصد کے حصول کیلئے اس کو تعویذ کے طور پر باندھا جائے۔

11 میم

مخفی علوم کے متعلق پتہ لگانے اور غیبی خبروں سے روشناس ہونے کیلئے 48 مرتبہ سفید کاغذ پر میم کالی سیاہی سے لکھے اور پیچھے اپنا مختصر سا مقصد لکھے اور اسے عیسائیوں کے قبرستان کے عین وسط میں گاڑ دے اللہ کے حکم سے غیبی خبروں

اور مخفی اسرار سے روشناس ہو جائیگا۔ اور ایسی چیزیں بھی انسان اپنی آنکھوں سے بالکل واضح دیکھ سکیگا جو انسان دیکھ نہیں سکتا۔

12 میم

اگر کوئی سفید کاغذ پر زعفران سے 48 مرتبہ میم لکھے اور وقت و دن جمعہ کی نماز اور جمعہ کا ہو اور اسے تعویذ کے طور پر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے تو اس فرد سے کوئی بھی جھگڑا نہیں کریگا۔ ہر کوئی صلح وصفائی سے رہیگا لوگوں میں پسندیدگی ہوگی جو کوئی بھی دیکھا وہ محبت وشفقت سے پیش آئیگا۔ اگر سفر پر جائیگا خواہ اس میں کوئی خطرہ ہی کیوں نہ ہو اللہ کے حکم سے جیسے جائیگا بالکل ویسے ہی صحیح سلامت واپس آئیگا۔

13 میم

اگر کوئی 48 میم کو سبز ریشمی کپڑے پر کالی سیاہی سے نوچندے منگل والے دن بعد نماز عشاء لکھ کر اسے اپنے گلے میں تعویذ کے طور پر باندھے تو تمام بیماریوں، امراض، لاعلاج امراض، شر افسانیوں، بھوت ڈائن چڑیل جادو وسحر کے سبب پیدا ہونے والی نحوستوں کا خاتمہ ہوگا۔ اور علم کی تحصیل آسان ہوگی۔ امتحان کے دنوں میں اس عمل کو کیا جائے اور رات کو تین مرتبہ اعتصام واختتام کے ساتھ سورۃ مزمل کو سادے پانی پر دم کر کے پیا جائے۔

14 میم

اگر کوئی 48 میم کو والے کاغذ پر سنہری روشنائی سے لکھ کر اس پر سورۃ مزمل شریف کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے تو اسے اس قدر مال و نعمت اللہ رب العزت عطاء کریگا۔ کہ اس کا اندازہ کسی انسان سے مشکل سے ہوگا۔ بے بہا ترقی رزق و روزگار کیلئے اس عمل کو نوچندی جمعرات

والے دن بوقت طلوع آفتاب کیا جائے۔ اگر اسی عمل کو ایک مرتبہ لکھ کر دکان پر قبلہ رخ لگایا جائے تو گاہک بے حساب آئیں گے۔

15 میم

اگر کوئی قید میں ناحق قید ہو گیا ہو اور واپسی کا کوئی بھی ذریعہ نہ ملتا ہو تو 48 میم کو کسی شہید یا بزرگ کے مزار پر سب سے پہلے دو رکعت نفل اپنے مقصد کے ادا کرے اور سفید کاغذ پر ایک میم لکھنے کے بعد قیدی کا نام مع والدہ لکھے اسی طریقے سے 48 مرتبہ میم اور 48 مرتبہ قیدی کا نام مع والدہ لکھنا ہوگا۔ اسے خوشبو سے معطر کر کے اسے قیدی کو دیا جائے تاکہ وہ اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور خود بھی سورۃ مزمل شریف کا ورد کرے اللہ کے فضل سے قید سے رہائی کے غیب سے وسیلے پیدا ہو گے۔ انشاء اللہ

16 میم

اگر کوئی خلق اور عوام الناس میں ہر دلعزیز ہونا چاہے تاکہ اپنا ہو یا غیر ہر کوئی محبت و شفقت سے پیش آئے تو 48 میم کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر نیچے اپنا نام مع والدہ لکھے اور اسے تعویذ کی طرح لپیٹ کر اپنے گلے یا سیدھے بازو پر باندھ لے اور خود روزانہ اپنے مقصد کی نیت کر کے سورۃ مزمل کو ایک تین پانچ یا جتنی پڑھنے کی ہمت ہو طاق مرتبہ ورد کرے اللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی عطا فرمائیگا۔ انشاء اللہ

17 میم

اگر کوئی سورۃ مزمل کو اعتصام واختتام کے ساتھ روزانہ رات کو بعد نماز عشاء 48 مرتبہ پڑھ کر اسی جگہ سو جائے اور اس عمل کو کرنے سے پہلے کسی میٹھی شے کو بچوں میں تقسیم کرے اور کسی سے بھی اس کا ذکر نہ کرے تو اسے انبیاء علیہ

اسلام کی زیارات ہونگی جس کی چاہے گا زیارت کریگا۔ اگر اس عمل کو نوچندی جمعرات والے دن سے شروع کیا جائے تو بہت بہتر ہے اور اس سے پہلے اسی دن صبح 48 میم کو سبز کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھ کر جس مصلے پر پڑھنے کیلئے بیٹھے اس کی سجدے کی جگہ سوئی دھاگے کی مدد سے وہیں سی دے اس عمل کا کسی سے بھی ذکر نہ کرے اور اس کی تاثیر اپنی آنکھوں سے دیکھ لے اس عمل کی بدولت انبیاء علیہ السلام کا فیض حاصل کیا جا سکتا ہے۔

18 میم

اگر کوئی دشمنوں کا قلع قمع کرنا چاہتا ہو اور خود سکون سے زندگی بسر کرنا چاہتا ہو تو ایک مٹھی بھر قبرستان کی خاک پر سورۃ مزمل شریف کو اپنے مقصد کا کامل تصور باندھ کر 48 مرتبہ پڑھے اور اس مٹی کو دشمن کے گھر یا اس کی گزرگاہ میں اس کا نام مع والدہ لکھ کر پھینک دے۔ دشمن جو کچھ نیک خصلت انسان سے چاہتا ہوگا۔ خود اس عذاب یا مشکل میں گرفتار ہوگا۔ اس کے ساتھ ہی آئندہ کیلئے اس کے شر سے محفوظ رہنے اور پہلے بداعمال کی تسخیر سے نکلنے کیلئے 48 میم کو چاندی کی تختی پر آگے پیچھے کندہ کر کے اسے اپنے پاس حفاظت سے رکھ لے۔

19 میم

اگر کوئی اپنے گم شدہ عزیز واقارب کا پتہ لگانا چاہے یعنی وہ دور کہیں خود گیا ہو یا بھاگ گیا ہو تو روزانہ بعد نماز عشاء کھلی فضاء یا اپنے گھر کی چھت پر سورۃ مزمل کو اعتصام واختتام گیارہ مرتبہ پڑھے اور چاروں طرف دم کر دیا کرے اور سفید کاغذ پر 48 میم لکھ کر اسے ہوا میں مفرور کا نام مع والدہ لکھ کر لٹکائے اور ایک کو اسی طریقے سے لکھ کر اپنے تکیئے کے نیچے رکھ کر سو جائے غائب شدہ جہاں بھی ہوگا۔ اس کی خبر بحالت خواب ظاہر ہوگی۔ اگر کسی کو فوراً اس عمل سے کام لینا ہو

یعنی کوئی چانک گم ہوجائے تو 48 میم کو سفید کاغذ پر لکھ کر اس کو پانی سے دھو کر فوراً کونوں میں چھڑکے اور خود سورۃ مزمل کو شریف کو پڑھے۔

20 میم

اگر کوئی اپنے دشمنان اور حاسد افراد کو مغلوب کرنا چاہے تو صبح سویرے اٹھ کر اپنے گھر کی چھت پر درمیان میں کھڑا ہو کر گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل اس طریقے سے پڑھے کہ ایک مرتبہ پڑھنے کے بعد آسمان کی طرف کم از کم پانچ منٹ دیکھے کل گیارہ مرتبہ دیکھنا ہوگا۔ اور 48 میم کو سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھ کر اپنے گھر کی چوکھٹ کے اوپر لٹکا دے اور خود اس عمل کی آزمائش کر لے اسی عمل کو بالکل اگر اسی طریقے سے کیا جائے تو اس سے اور بھی بہت سے دینی و دنیاوی فوائد حاصل ہونگے اور انسان اپنی مراد کو پہنچے گا۔ اور دولت اس فرد اور اس کے خاندان میں رہے گی۔ اس عمل کی آزمائش شرط ہے۔

21 میم

اگر کوئی فرد اپنے گھر، ذھن، خواب، خیال میں کوئی دفینہ رکھتا ہو یا محسوس کرتا ہو کہ فلاں جگہ کوئی قیمتی شے دفن ہے لیکن اس بات کا صحیح یقین نہ ہو یا صحیح مقام کا پتہ نہ ہو تو ایک عدد بالکل یک رنگ سفید مرغ سرخ کلغی والا لا کر روزانہ رات کو بعد نماز عشاء گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل اعتصام واختتام کے ساتھ پڑھ کر اس کے دونوں کانوں میں پھونک مار دیا کرے اور 48 میم کو سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھ کر اسے اس کے گلے میں باندھ دے دفینہ جہاں کہیں بھی ہوگا۔ مرغ اس جگہ کو کرید ے گا۔ اور اکثر وہیں اذان دیگا۔ جہاں مرغ مسلسل اس عمل کو کرے وہیں سے جگہ کی کھدوائی کروائی جائے۔ دفینہ برآمد ہوگا۔

22 میم

اگر کوئی 48 میم کو سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھ کر اس پر سورۃ مزمل کو اکتالیس مرتبہ دم کرے تو دوسرے لوگوں کی نظروں میں باہیبت ہوجائیگا۔

23 میم

اگر عورت کے پیٹ میں لڑکا یا لڑکی یا کسی بھی بات کے متعلق معلوم کرنا ہو تو اس عمل کو ایک مرتبہ زکات کے طریقہ کار کے مطابق کر لیا جائے یہی عمل ہر مرتبہ انہی کاموں میں مدد دیگا۔ اور صحیح معلوم ہوجایا کریگا۔ 48 میم کو انار کی شاخ کی قلم بنائے اور بکری کے دودھ سے کالے کپڑے، کالے کاغذ یا کسی ایسی کالی چیز پر اس کے دودھ سے بنائے اور اس کو تعویذ کی طرح بند کر لے اور روز ایک مرتبہ کسی بھی وقت اس پر سورۃ مزمل کو پڑھ کر دم کرتا جائے جب کبھی معلوم کرنا ہو تو حاملہ کو یہی نقش سرہانے رکھنے کیلئے دیا جائے اسے خود بخود معلوم ہوجایا کریگا۔ اسی طرح اس نقش کو دے کر واپس لے لیا جائے یہی ساری زندگی کام دیگا۔

24 میم

اگر کوئی 48 میم کو سفید مرغ اور سفید مرغی دیسی کے خون سے سفید کاغذ پر لکھے اور روزانہ اکتالیس دنوں تک بعد نماز ظہر اکتالیس مرتبہ سورۃ مزمل کو اس پر دم کرتا رہے تو جس کسی کے بھی سر پر اس کو باندھ کر اس کی آنکھوں پر سورۃ مزمل کو پڑھ کر دم کرے تو وہ اپنے متعلق اگلی پچھلی باتوں کے متعلق روشناس ہوگا۔ اس عمل کو حاضرات کے طور پر کسی پر بھی کیا جاسکتا ہے۔

25 میم

اگر کسی دیوانے، فاسد فاجر منافق حاسد اور بغض وعداوت رکھنے اور کرنے والے فرد کو 48 میم زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر اسے گلاب کے عرق سے دھو کر پلائے تو اس میں سے اس کی طاقت کی بدولت یہ نقائص اللہ رب

العزت دور فرمائیگا۔ اگر بچے اپنے والدین کے ساتھ بدتمیزی کرتے ہوں کہنا نہ مانتے ہوں تب بھی اس عمل کو کیا جاسکتا ہے۔

26 میم

اگر کوئی 48 میم کو اپنے دشمنان کا نام مع والدہ لکھ کر اسے جہاں آگ جلتی ہو وہاں حفاظت سے اس طریقے سے رکھے کہ آگ کی حرارت پہنچے اور یہ کاغذ نہ جلے تو اس کے دشمنان اپنے کسی بھی برے مقصد میں ہرگز کامیاب نہیں ہونگے۔ اور مسلسل پریشانیاں پہنچانے والے خود اس چکر میں مبتلا ہونگے۔

27 میم

اگر کسی ظالم وسفاک انسان کو اپنے مطیع کرنا ہو اور اپنے حق میں درست کرنا ہو تو 48 میم کو اپنے مقصد کی نیت سے سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھے اور کسی قتل شدہ فرد کی قبر کے سرہانے دفن کردے اور روزانہ رات کو پانچ مرتبہ سورۃ المزمل شریف کو اعتصام واختتام کے ساتھ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے مقصد کے حساب سے اس کی طرف دم کردیا کرے وہ ظالم وسفاک انسان اس فرد کے حق میں مطیع وفرمانبردار ہوگا۔ اور کوئی بھی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

28 میم

اگر کوئی اپنے دشمنان اور نقصان پہنچانیوالے افراد کو انہی کے جال میں پھنسانا چاہے اور اپنی جان چھڑوانا چاہے تو (تمہ) کے پتے پر 48 مرتبہ میم کالی روشنائی سے لکھے اور اسے پیپل کے درخت کی جڑ میں اپنے دشمن کا نام مع والدہ لکھ کر دفن کردے اور روزانہ سورۃ مزمل کو سات مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھ کر اسکی طرف دم کیا کرے دشمن آوارہ وخراب ہوگا۔ اگر کوئی ظالم یا شرارت کرنے والا فرد کسی کو اپنی باتوں یا ہاتھوں سے نقصان پہنچاتا ہو اور اس کے شر سے محفوظ ہونا ہو

تو اس کے پاؤں کی مٹی حاصل کرکے انتالیس میم کو سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھے اور اسے قبرستان میں دفن کردے نتیجہ سامنے آجائیگا۔

29 میم

اگر کوئی اپنے محبوب کو اپنے پاس بلانا چاہے یا کسی اپنے پیارے یا عزیز کو اپنے پاس بلانا ہو تو 48 میم کو اس جانے والے کے پہنے ہوئے کپڑے یا کسی سادے کپڑے کو بازار سے خرید کر اس پر لکھے اور چاند کی چاندنی میں سورۃ مزمل کو اس پر گیارہ مرتبہ دم کرکے اس فرد کا کامل تصور باندھ کر اس کو جلا کر اس کے دھوئیں کو اس جگہ کی طرف حرارت دے جس طرف وہ گیا ہو اللہ کے حکم سے سچی نیت رکھ کر اس عمل کو کیا جائے اگر سات سمندر پار بھی ہوگا۔ تو اس طریقے سے واپس آجائیگا کہ یقین نہیں آئیگا۔

30 میم

(اگر کوئی اپنی جائز مرادوں کو حاصل کرنے رزق وروزی کی فراخی اور نا امیدیوں کو کامیاب کرنے کیلئے روزانہ بعد نماز فجر سورۃ مزمل کو اعتصام واختتام کے ساتھ اکیس مرتبہ پڑھے تو اللہ کے حکم سے جائز مرادیں بر آئیں گی۔ اور رزق وروزی کے معاملے میں فراخی ہوگا۔ اگر 48 میم کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر قبلہ رخ لگایا جائے تو غیب سے رزق کے معاملے میں اس کی مدد کی جائیگی۔ اور گاہک بے تحاشہ آئینگے۔ انشاءاللہ

31 میم

اگر کسی کی نیند بند کرنی ہو تو سفید کاغذ پر 48 میم کو لکھے اور اس کے پیچھے جس کیلئے عمل کیا گیا ہے اس کا نام مع والدہ لکھ کر دو وزنی اصل پتھروں کے درمیان رکھ کر روزانہ اپنے مقصد ونیت کا کامل تصور باندھ کر سورۃ مزمل کو گیارہ

مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے یہ عمل خواب بندی کا کہلاتا ہے۔ اس سے جس کیلئے بھی عمل کیا جاتا ہے اسے نیند نہیں آتی۔

32 میم

اگر دوسروں کی نظروں سے غائب ہونا مقصود ہو تو روزانہ بعد نماز عشاء نوچندی جمعرات والے دن سے سورۃ مزمل کو اکتالیس مرتبہ پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے پڑھے تو اس دوران ایک موکل ایسا آئیگا جو اس راز سے مطلع کریگا۔ اس کا کسی سے ذکر نہ کیا جائے جیسے وہ کہے اس پر عمل کرے۔

33 میم

نظر بد سے محفوظ رہنے جادو ٹونے سحر آسیب سے بچاؤ کیلئے 48 میم کو سبز ریشمی کپڑے پر گولڈن سیاہی سے لکھ کر اسے اپنے گھر کے دروازے کی عین چوکھٹ میں گاڑ دے اگر پکے فرش بنے ہوں تو اس چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے جو کوئی بھی جادو ٹونہ کریگا۔ واپس اسی کی طرف لوٹ جائیگا۔

34 میم

اگر کسی ظالم وسفاک انسان نے کسی کی زمین جائیداد دکان مکان پر ناجائز قبضہ کیا ہو اور کسی بھی طریقے سے مانتا نہ ہو تو سورۃ مزمل شریف کو روزانہ بعد نماز ظہر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دریا کے پانی پر دم کرے اور کسی طریقے سے اس پانی کو اس جگہ کے پاس پھینک دیا کرے جس نے ناجائز قبضہ جمایا ہوگا اس کا قلع قمع ہوگا۔ اور وہ اس جگہ کو چھوڑ بھاگے گا۔ انشاء اللہ

35 میم

اگر کوئی 48 میم کو نوچندی جمعرات والے دن بوقت صبح سورج طلوع کے اس کے سامنے ایک ٹانگ پر کھڑا ہو کر لکھے اور خود کسی بھی ایک نماز یا نماز کے

بغیر سورۃ مزمل شریف کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے تو اسے سانپ بچھو یا کسی بھی زہریلی شے کا کوئی اثر نہیں ہوگا۔ انشاء اللہ

36 میم

اگر کوئی فرد کسی جگہ جانے کا ارادہ رکھتا ہو اور اس کے راستے میں کوئی رکاوٹ مسلسل آتی ہو یا اسے کسی بھی قسم کی کوئی پریشانی یا مشکل ہو تو سورۃ مزمل کو ساٹھ مرتبہ سادے پانی پر دم کر کے پی لیا کرے اس عمل کی بدولت اس کے راستے میں جو کوئی بھی رکاوٹ ہوگی اس کا خاتمہ ہوگا۔ اور اگر کوئی انسان رکاوٹ ڈالتا ہوگا۔ تب بھی 48 میم کو سفید کاغذ پر لکھ کر اسے سیدھے بازو پر باندھا جائے۔

37 میم

اگر کوئی شخص اپنے یا کسی دوسرے کے خلاف مخالفت کی زبان بند کرنا چاہے تو 48 میم کو سر کے اندر کالی سیاہی ڈال کر اس سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے کسی اجڑے ہوئے درخت کی شاخ کے ساتھ باندھ دے اس فرد کی زبان بند ہو جائیگی۔

38 میم

ایک سفید کاغذ کے درمیان میں اسم (محمد ﷺ) لکھے اور اس کے ارد گرد 48 مرتبہ میم کو گولائی میں لکھے اور اسے سونے کے تعویذ کے اندر ڈال کر اپنے گلے میں باندھے جو کوئی بھی دیکھے گا وہ فریفتہ ہوگا۔

39 میم

تمام بلاؤں آفتوں مصائب مشکل و پریشانیوں سے نجات حاصل کرنے کیلئے 48 مرتبہ میم کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اس کو سونے کے پترے کے اندر محفوظ کر کے اس کو اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور خود روزانہ ہر

فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۃ مزمل شریف کو پڑھنے کا معمول بنالے تو مصائب وآفات کا خاتمہ بالیقین ہوگا۔ انشاءاللہ

40 میم

جب کبھی بارش ہو اس پانی کو کسی صاف ستھرے برتن میں جمع کر دیا جائے اس پر سورۃ مزمل شریف کو ایک ہی جلسے میں 48 مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا جائے اس دم شدہ پانی کو متواتر سات دنوں تک صبح وشام کسی بھی مریض یا لاعلاج مرض میں مبتلا مریض کو پلایا جائے اللہ کے فضل سے جسم سے بیماریوں کا خروج ہوگا۔ اگر کوئی بری عادات میں مبتلا ہوگا یہ سب درد اور بری عادتیں اس دم کردہ پانی پینے سے دور ہو جائینگی۔ اگر اولاد پیدا ہونے کی غرض سے پلایا جائیگا۔ تو اللہ کے حکم سے اولاد پیدا ہوگی۔ اگر کوئی اولاد نرینہ کی خواہش رکھتا ہوگا۔ اللہ لڑکا عطا کریگا۔ اگر سر یا آنکھ میں کسی بھی قسم کی کوئی درد کی شکایت ہو تو اس پانی کے پینے سے ان سب دردوں کا خاتمہ ہوگا۔ دانتوں کی جڑیں مضبوط ہونگی منہ میں خوشبو پیدا ہوگی۔ منہ سے پانی بہنا اور بلغم کا خاتمہ ہوگا۔ فالج، نزلہ، زکام، پیٹ اور کمر درد معدہ کے فساد اور اس کے کیڑوں قولنج ناسور کھجلی چھالوں جذام برص پھلبہری قے بہرہ پن کوزہ پشتی کبڑا پن سیاہ موتیا دردوں بالوں کی بیماریاں وسوسہ جن اور شیاطین خیانت کھوٹ شکوہ نقصان کنجوسی حرص غصہ دشمنی وغیرہ یہ سب تکلیفیں بیماریاں اس عمل کی بدولت جڑ سے ختم ہو جائینگی۔ اس کے ساتھ ایک سفید کاغذ پر 48 مرتبہ میم لکھ کر مریض یا جو بیماریوں کے متعلق لکھا ہے اس کے خاتمے کیلئے گلے یا سیدھے بازو پر باندھا جائے۔

41 میم

بیمار کی شفاء کیلئے اسے چت لٹا کر اس کے سر سے لے کر پاؤں تک 48

سکے باری باری اس کے گرد پھیر کر اتارے جائیں اور ساتھ ہی ساتھ سورۃ مزمل کا ورد کیا جائے ان سکوں کو غرض مند کو دیا جائے اور میم کو باندھا جائے۔

42 میم

کئی اقسام کے وسوسوں کے خاتمے کیلئے سورۃ مزمل شریف کو ایک ہی جلسے میں باداموں پر دم کر کے رکھ لیا جائے اور روز کا ایک بادام صبح نہار منہ کھایا جائے اور اس کا پھوگ پھینک دیا جائے اللہ کے حکم سے ناجائز وسوسوں کا خاتمہ ہوگا۔ اگر اس کے ساتھ 48 میم کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر نیچے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھا جائے تو بھی فائدہ ہوگا۔

43 میم

اگر کسی کے بدن میں رگ اپنی جگہ سے ڈھلک جائے تو دوسرا آدمی سورۃ مزمل کو ورد کرتا جائے اور تیسرا آدمی مریض کی انگلیوں کو پکڑ کر اس طرح مروڑے کہ جگہ مذکور سے رگ ہٹنے کی آواز سنائی دے اللہ کے حکم سے رگ دوبارہ اپنی اصلی جگہ پر آجائیگی۔

44 میم

وبا، طاعون، موسمی بخار، اور بیماریوں کے مسلسل حملوں سے محفوظ ہونے کیلئے سورۃ مزمل کو 48 میم کے ساتھ پچھلے صفحے میں بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کیا جائے اللہ کے حکم سے بیماریوں کا خاتمہ ہوگا۔

45 میم

اگر کسی کو مسلسل پیشاب آتا ہو پیشاب کے بعد قطرے گرتے ہوں یا کوئی جسمانی یا مردانہ کمزوری میں مبتلا ہو تو 48 میم کو سفید روزانہ صبح نہار منہ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر گلاب کے عرق سے دھو کر پلایا جائے اور ایک کو مریض کا نام مع

نقشہ پنتالیس میم

عوام الناس اور اس جلیل القدر سورۃ شریف کے 48 میموں سے کام لینے کیلئے یہاں کامل صحت کے ساتھ وہ تمام نقشہ بنا دیا گیا ہے۔ اب جیسے پیچھے مختلف طریقہ کار سے 48 میموں سے کام لینے کا طریقہ کار بتایا ہے ایسے ہی کرے اور نقشہ خواہ یہاں سے نقل کر کے استعمال میں لے آئے یہ اس لئے درج کیا ہے۔ کہ کوئی غلط میم یا نقشے کو غلط نہ لکھے اس لئے یہاں سے نقشہ نقل کر کے اگر کوئی استعمال کریگا۔ تو اسے بے بہا فوائد حاصل ہونگے۔ انشاء اللہ



یہ بیس اسم سورۃ مزمل میں میم سے شروع ہوتے ہیں۔ بیس کا اگر زیرو اڑا دیا جائے تو عدد (2) باقی بچتا ہے۔ جو حضرت محمد ﷺ کے نام کے عدد (2) کے برابر ہے۔ اس کی اور بھی بہت لمبی تشریح ہے۔ جس کی یہاں وضاحت نہیں ہو سکتی اس لئے دینی و دنیاوی فتوحات میں ترقی حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو نوچندی جمعرات کو کسی بھی مقصد کی نیت سے زعفران سے سفید کاغذ پر لکھا جائے اور اسے اپنے گلے یا بازو پر باندھا جائے۔ اللہ کے حکم سے جس بھی مقصد کیلئے اس نقش کو لکھا جائیگا۔ وہ ضرور بر ضرور اس دنیا میں ہی پورا ہوگا۔ انشاء اللہ

مزمل، منہ، مشرق، مغرب، ما، مکذبین، مہلہم، مہیلا، منفطر، مفعولا، من، من، معک، ما، من، منکم، مرضی، من، منہ، من۔

مزمل	منہ	مشرق	مغرب	ما	مکذبین	مہلہم	مہیلا	منفطر	مفعولا
منہ	مشرق	مغرب	ما	مکذبین	مہلہم	مہیلا	منفطر	مفعولا	من
مشرق	مغرب	ما	مکذبین	مہلہم	مہیلا	منفطر	مفعولا	من	من
مغرب	ما	مکذبین	مہلہم	مہیلا	منفطر	مفعولا	من	من	معک
ما	مکذبین	مہلہم	مہیلا	منفطر	مفعولا	من	من	معک	ما
مکذبین	مہلہم	مہیلا	منفطر	مفعولا	من	من	معک	ما	من
مہلہم	مہیلا	منفطر	مفعولا	من	من	معک	ما	من	منکم
مہیلا	منفطر	مفعولا	من	من	معک	ما	من	منکم	مرضی
منفطر	مفعولا	من	من	معک	ما	من	منکم	مرضی	من
مفعولا	من	من	معک	ما	من	منکم	مرضی	من	منہ
من	من	معک	ما	من	منکم	مرضی	من	منہ	من

منہ کی اندرونی تکالیف

بعض اوقات منہ میں دانے پیدا ہوجاتے ہیں جن میں پیپ یا رعشہ بھرا ہوتا ہے۔ بعض اوقات دانے نکل آتے ہیں تکلیف ہوتی ہے مریض کوئی شے کھا پی نہیں سکتا یا اس کے علاوہ دیگر کوئی بھی منہ میں تکلیف یا بیماری ہو خواہ اس کا تعلق زبان سے ہی کیوں نہ ہو تین روئی کے پھوئے لے کر علیحدہ علیحدہ رکھیں جائیں ایک پھوئے پر سورۃ مزمل کو ایک مرتبہ اعتصام واختتام کے ساتھ پڑھ کر دم کرے اور اس پھوئے کو مریض کے منہ میں رکھ دیا جائے اور ایک مرتبہ سورۃ مزمل کو اعتصام واختتام کے ساتھ پڑھ کر مریض کے منہ پر دم کیا جائے اس پھوئے کو مٹی کے سادے برتن میں پانی ڈال کر اس پھوئے کو اس میں رکھ دے پھر دوسرا پھویا منہ میں رکھوا کر سورۃ مزمل کو ایک مرتبہ اعتصام واختتام کے ساتھ پڑھ کر منہ پر دم کیا جائے اور اس پھوئے کو آگ سے جلا دیا جائے تیسرے پھوئے کو پھر اسی طریقے سے مریض کے منہ میں رکھوا کر ایک مرتبہ سورۃ مزمل کو پڑھ کر دم کیا جائے اور اس پھوئے کو پانی والے برتن میں ڈال کر اس کو چلتے پانی میں بہا دیا جائے اس عمل کو مسلسل تین پانچ یا سات دنوں تک متواتر کیا جائے اللہ کے حکم سے منہ کی اندرونی بیماریوں وتکالیف کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ اس عمل کو منہ کے کسی بھی مسئلے میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اور کوئی بھی اس عمل کو کرسکتا ہے۔ اس عمل کو تب کیا جائے جب ڈاکٹری وحکیمی ادویات سے مرض میں کوئی افاقہ نہ ہو بعض اوقات جادو یا کسی بدعمل کے ذریعے اس مرض میں مبتلا کیا جاسکتا ہے۔ اس لئے جس طریقے سے بدکلام یا عمل کے ذریعے ایسی بیماری میں مبتلا کیا جاتا ہے بالکل اسی طریقے سے نورانی وروحانی کلام سے اس کا توڑ بھی کیا جاتا ہے۔ یہ نہایت ہی زود اثر عمل ہے اور اس کے بے بہا فوائد ہیں۔

خواب مردے کو دیکھنا دیگر کئی مقاصد

اگر کوئی بھی انبیاء علیہ السلام کی پاک روح سے ہم کلام ہونا چاہے انبیاء علیہ السلام کے فیض سے ہمکنار ہونا چاہے یا جو کوئی اس دنیا سے رحلت فرما گیا ہو اس کے حالات جاننا ہو کسی میت و مردے کے حالات سے واقف ہونا ہو یا کسی کو کوئی حاجت ہو یا کوئی مہم کسی کو درپیش ہو اس کے برآنے کی امید نظر نہ آتی ہو یا اس کے متعلق پتہ لگانا ہو یا کسی پچھلی گذری باتوں سے روشناس ہونا چاہے یا آئندہ کیلئے کسی بات کے متعلق پتہ کرنا چاہے تو اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر بنائے اور اس کے پیچھے اپنا مختصر مقصد اپنا نام مع والدہ لکھ کر ایک کو اپنے سرہانے رکھے اور ایک کو کسی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر سرہانے کی طرف باندھ دے اور خود روزانہ اپنے مقصد کی نیت باندھ کر سورۃ مزمل شریف کو اکتالیس مرتبہ اعتصام واختتام اول وآخر گیارہ مرتبہ کر کے پڑھے اور سادہ پانی اپنے پاس رکھے جب تعداد ختم ہوجائے تو اس پانی کو پی کر اپنی جگہ سے اٹھے اور اگر اسی جگہ سو جائے تو اس عمل میں سو فیصد کامیابی ہے۔ اگر وہاں سونے کی کوئی گنجائش نہ ہو تو عورت کے علاوہ علیحدہ کسی جگہ سورۃ مزمل شریف کو پڑھتا ہوا سو جائے جس مقصد کی نیت باندھے گا اسی کے متعلق مکمل آگاہی ہوگی۔ انشاءاللہ



بے خوابی نیند آنا

بعض اوقات کسی کو رات کو نیند نہیں آتی جس سے ساری رات انسان جاگتا رہتا ہے اور سارا دن سوتا رہتا ہے۔ اس کے علاج کیلئے اس نقش کو خرگوش یا ہرن کی جھلی پر کالی سیاہی سے لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھ کر ایک روز دیکھے اگر نیند غلبہ کرے تو ٹھیک ہے۔ وگرنہ ایک عدد نقش زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اسے اپنے تکیے کے نیچے رکھ دے اللہ کے حکم سے خواب بندی کا خاتمہ ہوگا۔ اور ایسی نیند آئیگی کہ انسان کے جسم کو کاٹ بھی دیا جائے تو اسے ہوش نہیں رہے گی۔ اس نقش کو ضرور بچوں کے گلے میں ہرن کی جھلی پر لکھ کر گلے میں باندھا جائے اس عمل کی بدولت بچے زیادہ سوئیں گے اور ان کی صحت اچھی رہے گی۔ کیونکہ جو بچہ یا بڑا اپنی نیند پوری نہیں کرتا اس کی صحت خراب ہو جاتی ہے اور دیگر کئی اقسام کے امراض گھیر لیتے ہیں۔ اگر کسی کی نیند کچی ہو جیسے کوئی سوتے ہوئے اٹھ جائے اور اسے نیند نہ آتی ہو تب بھی اسی عمل کو کیا جائے اگر کوئی مسلسل اسی مرض میں مبتلا ہو تو وہ اس عمل کو کرنے کے ساتھ ساتھ روزانہ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر پیے۔



قم	اللیل	الا	قلیلا
قلیلا	قم	الا	اللیل
اللیل	قلیلا	الا	قم
قم	اللیل	الا	قلیلا

ہر وقت سوتے رہنا

ہر وقت بلاوجہ سوتے رہنا غنودگی بیہوشی کا طاری رہنا بھی صحت کیلئے نقصان دہ ہوتا ہے۔ جس سے کئی امراض گھیر لیتی ہیں اور کئی علاج معالجے کے بعد بھی وقت پر صحیح نیند نہیں آتی بلکہ بے وقت نیند اپنا غلبہ کرتی ہے۔ اور اس سے اگر کوئی مریض کو نہ جگائے تو وہ سوتا ہی رہتا ہے۔ جس سے کام میں بھی خرج ہوتا ہے۔ بچوں اور بڑوں میں یکساں طور پر ایسا مرض پایا جاتا ہے خصوصاً نیند اس وقت اپنا غلبہ زیادہ کرتی ہے۔ جب کوئی اہم کام ہو یا کسی بہت اہم جگہ جانا ہو اس وقت بھرپور نیند اپنا غلبہ کرتی ہے۔ اور انسان نہ چاہتے ہوئے بھی سوتا رہتا ہے۔ ایسی تمام علامات میں اس نقش کو یک سفید رنگ مرغ یا یک رنگ سفید بکرے کی چربی پر کالی سیاہی سے لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے بفضل خدا بمقدار اور متوازن برقرار نیند آئیگی۔ اور کام میں کسی بھی قسم کا کوئی خرج نہیں ہوگا۔ اسی طرح اگر کسی نے بذریعہ بدعملیات واعمال کے زور پر کسی کو اس طرح کیا ہوگا۔ تو ہر قسم کی شرافسانیوں کا بھی اسی سے توڑ ہوگا۔ اگر اس عمل میں کم اثر ہو تو روزانہ چینی کی پلیٹ یا سادے کاغذ پر زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر پیے۔



نصفه	اونقص	منه	قلیلا
قلیلا	نصفه	منه	اونقص
اونقص	قلیلا	منه	نصفه
نصفه	اونقص	منه	قلیلا

حمل قائم ہو

اگر کسی عورت کے ہاں اولاد نہ ہو رہی ہو تو وہ اس نقش کو روز ایک صبح نہار منہ پیپل کے بڑے سے پتے پر کالی سیاہی سے لکھے اور اسے کچھ دیر تک سادے پانی میں ڈال دے اور خود سورۃ مزمل کو اکیس مرتبہ پڑھ کر اس پانی پر دم کرے اتنی دیر میں سیاہی پانی میں گھل گئی ہوگی۔ اس دم شدہ وسیاہی کے پانی کو پی لے اس عمل کو اکیس دنوں تک کرے اور اس دوران ہم بستری بھی کی جائے اللہ کے حکم سے حمل قائم ہوگا۔ اگر کسی کے گھر یا دکان کی بندش کی گئی ہو تب بھی اس عمل کو اسی طریقے سے کیا جائے اور پانی پینے کی بجائے اس کے چھینٹے دکان یا گھر کے کونوں میں لگائے جائیں: ہر قسم کی بندش ورکاوٹ کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی عورت اس نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر حمل کے پہلے چالیس روز تک باندھ کر محفوظ کر کے رکھ لے اور بعد پیدائش کے اس نقش کو بچے کے گلے میں پہنا دے تو بچہ تمام قسم کی بلاؤں وآفات سے مکمل محفوظ ہوگا۔ انشاءاللہ

اوزد	علیه	ورتل	القرآن	ترتیلا
ترتیلا	اوزد	القرآن	علیه	ورتل
ورتل	ترتیلا	علیه	اوزد	القرآن
القرآن	ورتل	اوزد	ترتیلا	علیه
علیه	القرآن	ترتیلا	ورتل	اوزد
اوزد	علیه	ورتل	القرآن	ترتیلا

نقش المزمل

جب کوئی ایسی حاجت یا مقصد ہو جس کا پورا ہونا بہت ضروری ہو جیسے کسی کی جان بوجھ کر بے عزتی کی جائے، کسی کو ناجائز طور طریقوں سے نوکری سے نکالنے کی سازش کی جائے، کسی نیک وشریف انسان کو دوسرے شر پسند افراد پریشان کرتے ہوں، کسی معصوم فرد کو مختلف حیلوں وبہانوں سے پریشان کیا جا رہا ہو یا کوئی بھی ایسا مقصد ہو جو نیک ہونے کے ساتھ جائز حکم رکھتا ہو تو نوچندے جمعے والے دن بوقت صبح سورج طلوع کے اپنے مقصد کی نیت اور کامل تصور کے ساتھ دو رکعت نفل ادا کرے اور جب اس نقش کو لکھنا شروع کرے تو جس حروف کو لکھے اسے ایک مرتبہ تب تک پڑھے جب تک مکمل لکھ نہ لیا جائے مثلاً اگر الف لکھنا ہے تو پڑھنے کے ساتھ الف لکھنے کا اصول کسی فرد کا لمبا بھی ہو سکتا ہے اور کسی کا چھوٹا جیسے اااااااااالیف، اور اااااااالف جب کوئی اس نقش کو لکھے گا تو اسے لکھنے کی سمجھ بھی آ جائیگی۔ نقش لکھنے کے بعد اسے زبردست قسم کے عطر سے معطر کیا جائے اور اس کے پیچھے اپنا نام مع والدہ لکھ کر مختصر سا مقصد بھی لکھا جائے بفضل خدا جو کوئی بھی کام ہوگا۔ اللہ کے حکم سے پورا ہوگا۔

المزمل المزمل	المزمل المزمل	المزمل المزمل
المزمل المزمل	المزمل المزمل	المزمل المزمل
المزمل المزمل	المزمل المزمل	المزمل المزمل

دشمن تباہ وبرباد ہو

اسلام اور معصوم عوام کو پریشان کرنے والے دشمن کو اپنے حق میں زیر اور اس کے چنگل سے نکلنے کیلئے قبرستان میں بوقت دوپہر جائے اور جس قبر کے آس پاس کھڈے یا گڑھے بنے ہوں یا قبر کو کتے یا دیگر جانور کریدتے ہوں یا کوئی ایسی قبر ڈھونڈی جائے جو سیلاب کے باعث بہہ چکی ہو یا اس کے اوپر والا حصہ اڑ گیا ہو اور ہڈیاں نظر آتی ہوں جب اس قسم کی نشانیوں سے ملتی ہوئی نشانی مل گئی تب ہی اس سورۃ کے ذریعے عمل پورا ہوگا۔ وہاں سے اپنے کامل تصور کو باندھتے ہوئے مٹی کو مٹھی بھر بھر کے نکالتا رہے کم از کم گیارہ ڈھیریاں ہونی چاہئیں دن منگل یا ہفتہ کا ہونا چاہئے اور وقت دوپہر کا اس کو گھر لا کر اپنے سر کو ننگا کر کے اور صرف شرمگاہ کو ڈھانپ کر پہلے اپنے دشمن کا نام مع والدہ اور مختصر سا مقصد کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھے کل تعداد گیارہ ہوگی۔ گیارہ ڈھیریاں علیحدہ علیحدہ بنا کر ایک ایک ڈھیری میں اس پرچی کو رکھ دے اور سورۃ مزمل کو اعتصام و اختتام اول و آخر ایک ایک مرتبہ اور پوری سورۃ درمیان میں اکیس مرتبہ اپنے مقصد کا کامل تصور باندھ کر پڑھے اور علیحدہ علیحدہ مرتبہ ہر ڈھیری پر دم کرتا جائے پھر اس بات کا دھیان رکھے کہ جس مردے کو غسل دیا جائے اس کا پانی مل جائے اس پانی کے ساتھ ہر ڈھیری کو علیحدہ گوندھے اور اسے روز کی ایک پیڑے کی شکل میں دشمن کے گھر کے باہر مارتا جائے اس عمل کی بدولت دشمن نیست و نابود ہو جائیگا۔ اس بات کا خصوصی دھیان رکھا جائے کہ یہ نہایت ہی جلالی عمل ہے۔ اور نہایت سوچ سمجھ کر ایسے اعمال کرنے چاہئیں کیونکہ اگر کسی معصوم کو اس کا نشانہ بنایا گیا تو ہو سکتا ہے کہ خود شکار بن جائے اس لئے جائز جگہ استعمال کریں۔

دشمن کا رزق بند

اس عمل کو نہایت سوچ سمجھ کر کیا جائے ورنہ اللہ کی طرف سے عذاب اور سزا ہونے کے ساتھ ساتھ ایمان سے بھی خارج ہو جائیگا۔ بعض ایسے معاملات بن جاتے ہیں جس سے ایسے اعمال جائز ہو جائیں اگر اسی طرح کا کوئی دشمن سزا کا مستحق بن گیا ہو تو ایک دس روپے والے نوٹ خرچ کرنے والا نوٹ اس کاغذ پر دشمن کی فرضی تصویر سیاہی والے پین سے بنائی جائے یعنی نوٹ پر کالی سیاہی سے لکھے اور سات عدد سوئیاں اپنے پاس رکھے ایک ایک مرتبہ سورۃ مزمل کو اول و آخر ایک ایک مرتبہ اعتصام واختتام کے ساتھ پڑھے اور سوئی پر دم اپنے مقصد کا تصور باندھ کر کرے اور اسے دو آنکھوں، دو کانوں، ایک شرمگاہ، اور ایک ناک کے درمیان میں چھو کر اس کے نیچے تین مرتبہ دشمن کا رزق بند بند بند ہو لکھے اور اسے عیسائیوں کے قبرستان میں دفن کر دے چند دنوں کے اندر دشمن کے خرچ کرنے والے روپے ہوائی چیزیں اڑا لے جائیں گی انہیں ضائع کر دیں گی یا بیکار کر دیں گی۔ غرض کہ جس مقصد کیلئے ایسے عمل کو کیا جائیگا وہ فوراً پورا ہوگا۔

جدائی وتفریق

دو خاندان وافراد کی آپس میں پھوٹ ڈلوانے اور انہیں ایک دوسرے سے علیحدہ کرنے کیلئے چوراہے کی مٹی، قبرستان کی مٹی، اور جن کے درمیان جدائی ونفرت کروانی ہے ان کے پاؤں کی مٹی ان سب کو آپس میں جمع کر کے سورۃ مزمل کو اعتصام واختتام کے ساتھ اکتالیس مرتبہ پڑھے اور انہیں ان دو افراد کی گزرگاہ میں پھینک دے یا ان کے گھروں میں تاکہ وہ اس مٹی کے اوپر سے گزریں دنوں کے اندر ایک دوسرے کے خون کے پیاسے بن جائینگے۔

دکان خوب چلے

اگر کسی فرد کی دکانداری بہت سست ہو یا کسی نے اس کی دکان کو باندھ دیا ہو اور اس کی خواہش ہو کہ اس کی دکانداری زیادہ چلے تو نوچندے ہفتہ والے دن کو اس نقش کو ایک ہی کاغذ پر آگے پیچھے عین لائنوں کے ساتھ لائنیں ملا کر لکھے اور اسے دکان کی چوکھٹ کے اوپر اس طریقے سے لگادے کہ ہوا سے ہلتا رہے جیسے جیسے نقش ہلے گا ویسے ویسے گاہکوں کی ریل پیل شروع ہوگی اور بد اعمال کا خاتمہ ہوگا۔ اگر دکان کھولنے کے بعد سورۃ مزمل شریف کو دریا یا نہر کے لائے ہوئے پانی پر دم کر کے کونوں میں چھڑکا جائے تو باعث برکت کیلئے زود اثر ہے۔ اس عمل کو اس طریقے سے بھی کیا جاسکتا ہے جس سے اسی عمل میں اور زیادہ اثرات پیدا ہوتے ہیں اور ناممکن حیثیت رکھنے والے بد اعمال اپنا اثر ختم کردیتے ہیں۔ جیسے کسی نے دکان داری کو باندھ دیا ہو اور گاہک نہ آتے ہوں یا دیگر سامان میں نا سوچے سمجھے منصوبے کے تحت نقصانات ہوتے ہوں تو اسی نقش کو دریا یا نہر کے پانی میں کالی سیاہی سے لکھ کر ڈالا جائے اور دکان کھولنے کے بعد اسی پانی کا چھڑکاؤ دکان کے کونوں میں کیا جائے اور جیسے پہلے لکھ کر ہوا میں لٹکانے کا طریقہ کار بتایا ہے۔ اسی طرح بھی کیا جائے تو اس عمل کی بدولت ناجائز رکاوٹوں اور پریشانیوں سے نکلا جائیگا اور دکان داری خوب چمکے گی۔ اور جو دشمن و حاسد افراد ہونگے ان کے اللہ رب العزت منہ کالے کریگا۔ اس نقش و عمل کو ہر طریقے کی بندش کو توڑنے کیلئے بھی کیا جائے۔

ان	ناشئة	اليل	هي
اشد	وطاوا	قوم	قيلا

حافظہ تیز ہو

اگر کسی بچے یا بڑے کو قرآن پاک یا دنیاوی تعلیم حاصل میں مشکل و دشواری پیش آتی ہو جو کچھ یاد کیا ہو یاد نہ رہتا ہو تو روزانہ بعد نماز عشاء کے بعد اول و آخر اعتصام و اختتام کے ساتھ ایک سو دس مرتبہ سورۃ مزمل کو پڑھے اور گلاب کے عرق پر دم کر کے پیئے اور اگر پاس زیتون کا تیل رکھ لے اور اسے بھی پھونک مار دے تو اس تیل کی مالش سر پر کرے اور رات کو سونے سے پہلے ایک ایک قطرہ اپنے کان میں بھی ڈالے اللہ کے حکم سے اس عمل کی بدولت جو کچھ بھی یاد کیا جائیگا وہ یاد رہیگا اور جس سبق کو استاد سے سنا جائیگا۔ وہ نہیں بھولے گا۔ اسی عمل میں زیادہ اثر پیدا کرنے اور امتحان میں غیبی مدد حاصل کرنے اور اچھے نمبروں سے پاس ہونے کیلئے اس نقش کو بوقت صبح سورج طلوع دن نوچندی جمعرات کے ہرن کی جھلی پر زعفران سے لکھے اور اس کے نیچے اپنا نام اور مختصر سے مقاصد کئی یا صرف ایک خاص مقصد لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے فضل سے امتحان کے دنوں میں اللہ کی طرف سے خصوصی مدد حاصل ہوگی۔ اور دل زیادہ پڑھائی و لکھائی میں لگا رہیگا۔ اگر کوئی اس نقش کو روزانہ صبح نہار منہ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر گلاب کے عرق سے دھو کر پیئے تو سو سالہ بند دماغ بھی کھل جائیگا۔ اور جس شے کو ایک مرتبہ دیکھ لے گا تو وہ ساری زندگی اسے نہیں بھولے گی۔

ان	لك	فى النهار
لك	فى النهار	سبحا
فى النهار	سبحا	طويلا

زیادتی نور

اگر کسی کی آنکھیں دکھتی ہوں یا ان میں درد رہتا ہو یا پڑبال و موتیا ہو ان تمام امراض سے چھٹکارہ پانے کیلئے اس نقش کو تازہ پانی میں گھول کر رکھے اور کسی پاک برتن میں اس پانی سے آنکھوں میں چھینٹے لگائے اور اس پانی کی بے ادبی نہ کرے نقش کو زعفران سے لکھے اور ایسا سرمہ حاصل کرے جو کوہ طور کے پہاڑ کا ہو پھر سورۃ مزمل کو اول و آخر اعتصام و اختتام کے ساتھ پڑھ کر دم کرے اور اگر کوئی اور بھی مرض آنکھوں کا ہو گا۔ تو اس کی بدولت ٹھیک ہو گا۔ اور مریض اپنی آنکھوں میں اس عمل کی بدولت ٹھنڈک و سکون محسوس کریگا۔ اگر ہو سکے تو اس عمل کو مریض کا کوئی عزیز اس طرح بھی کرے کہ سورۃ مزمل شریف کو اس نیت سے اس کے پاس بیٹھ کر پڑھے اور پڑھنے کی تعداد مریض کے نام کے اعداد کے مطابق ہو اور اسی وقت اس کی آنکھوں کو بند کروا کر اس کی آنکھوں پر تین پھونکیں مارے یہ عمل بھی آنکھوں کیلئے بہت مفید ہے اور اس سے مریض اپنی آنکھوں میں ٹھنڈک اور سکون محسوس کریگا۔ بعض اوقات آنکھوں میں سفید اور کالا موتیا اتر آتا ہے اس صورت میں بھی اسی عمل کو کیا جائے اور ایک عدد نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اسے اپنے گلے یا بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے آنکھوں سے اس مرض کا خاتمہ ہو گا۔ اگر آنکھوں کا کوئی بھی مسئلہ ہو تو اس نقش کو پانی میں ڈال کر اس پانی کے چھینٹے آنکھوں میں لگائے جائیں۔

واذکر	اسم ربک	وتبتل
اسم ربک	وتبتل	الیہ
وتبتل	الیہ	تبتیلا

عمل لاثانی

نوکری ملنے، جائز جگہ رشتہ طے کرنے، اولاد کی بدتمیزی اور ان میں حسن اخلاق پیدا کرنے، لوگوں میں معزز ہونے، دوسروں کو اپنے حق میں مسخر کرنے، کسی سے اپنا جائز کام نکلوانے اور دیگر دنیاوی کئی کاموں میں اس نقش کو نوچندی جمعرات بوقت صبح سورج طلوع کے زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اپنے گلے میں باندھے یا بازو یا چاندی کی انگوٹھی کے نیچے رکھوا کر اسے اپنے سیدھے ہاتھ کی انگلی میں پہنے اپنا نام مع والدہ ضرور لکھا جائے اور مختصر سا مقصد بھی اللہ کے فضل سے جس بھی کام کیلئے اس نقش کو لکھا جائیگا وہ اللہ کے حکم سے ضرور پورا ہو گا۔ اگر میاں بیوی آپس میں لڑتے جھگڑتے ہوں اور کسی قسم کی بدچلنی میاں کی طرف سے ہو یا بیوی کی طرف سے اس مقصد کی خاطر اس نقش کو زعفران سے لکھ کر میاں بیوی میں سے ایک اپنے گلے یا بازو پر باندھے اور صبح نہار منہ دونوں پئیں اس مقصد کی خاطر اللہ کے فضل سے ان میں پیار و محبت قائم ہو گا۔ اور ایسی کوئی وجہ پیدا نہیں ہو گی جس کی بدولت ان میں پھوٹ پڑتی ہو۔

لا الـــه الا هـــو

رب	المشرق	والمغرب	فاتخذہ	وکیلا
وکیلا	رب	فاتخذہ	المشرق	والمغرب
والمغرب	وکیلا	المشرق	رب	فاتخذہ
فاتخذہ	والمغرب	رب	وکیلا	المشرق
المشرق	فاتخذہ	وکیلا	والمغرب	رب
رب	المشرق	والمغرب	فاتخذہ	وکیلا

تیغ بندی و دیگر کام

یہ ایسا زبردست قسم کا نقش ہے جس کے اتنے بے بہا فضائل ہیں جو یہاں ہرگز بیان نہیں ہو سکتے اگر کسی کو دشمن یا حاسد افراد جان سے مار دینا چاہتے ہوں یا بہت پریشان کرتے ہوں طرح طرح کے بداعمال و سفلی اعمال کرتے ہوں جس سے کوئی انسان نہایت ہی پریشان رہتا ہو تو وہ اس نقش کو دن منگل یا ہفتہ چلتے پانی کے اندر کھڑا ہو کر کالی سیاہی سے اپنے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھے اور تعویذ کی طرح لپیٹ کر بند کرنے سے پہلے اس پر (واصبر علی ما یقولون واھجر ھم ھجرا جمیلا) کو (1205) مرتبہ اپنے مقصد کا کامل تصور باندھ کر پڑھے اور اسے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے دشمن یا حاسد افراد یا جان سے مارنے کی کوشش کرنے والے جب بھی اس فرد کے پاس آئینگے وہ اندھے ہو جائینگے۔
اس نقش کو استعمال کرنے والا صرف اللہ کی دی ہوئی موت مرتا ہے۔ اور دنیاوی طور پر قتل کرنے والے افراد اس کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے انشاء اللہ۔



رشتہ حاصل کرنا

اس عمل کو کرنے والے حضرات سب سے پہلے حسب و نسب کا نسلی امتیاز ملحوظ خاطر رکھیں اور زمین و آسمان کے فرق کو اچھی طرح سمجھنے کے بعد اس عمل کو کرنے کا ارادہ کریں۔ اگر کوئی لڑکا کسی سے شادی کرنا چاہتا ہو اور لڑکی کے گھر والے نہ مانتے ہوں تو ایک عدد تانبے کا ٹکڑا اتنی مقدار میں لیا جائے جس پر لکھے جانے والے کلمات با آسانی لکھے جا سکیں پھر دریا سے پانی لا کر اسے مٹی کے مٹکے میں ڈالا جائے اس پانی کو مٹکے میں ڈال کر اس میں چینی مقدار کے حساب سے ڈالی جائے جس سے پینے میں پانی میٹھا محسوس ہو پھر اس تانبے پر درج شدہ ٹکڑے کو اس میں ڈال دیا جائے اور کسی بھی طریقے سے اس پانی کا چھڑکاؤ اس کے گھر کی دیواروں پر کیا جائے جو رشتے کیلئے راضی نہ ہوتے ہوں اس عمل کو کرنے کیلئے پہلے روز جتنا پانی ڈالا جائیگا اس میں زیادہ پانی نہیں ڈالنا ہوگا۔ صرف پانی اتنا ہی رہے اللہ کے حکم سے جو افراد اس رشتے میں رکاوٹ پیدا کرتے ہونگے وہ رضامند ہونگے اور اس مقصد میں ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔
اسی عمل کے ساتھ ایک عدد کو سفید کاغذ پر سرخ روشنائی سے لکھ کر اسے ہوا میں اپنے گھر میں لٹکایا جائے اور ان افراد کے نام لکھے جائیں جو رکاوٹ پیدا کرتے ہوں۔ وہ اپنی ناجائز حرکات سے باز آئیں گے اور خود اس رشتے کو کروائیں گے نہایت ہی زود اثر عمل ہے اگر صحیح طریقے سے کیا گیا تو۔

اوزدعلیھسنلقیعلیکقولاتقیلا

۱۵۱۱۱	۱۳۱۱۳۱	۵۵۴
۳۴۷۴۳۱	۸۹۵۱۳	۶۱۱۳۱۳۱
۳۱۳۱۴۱	۹۱۵۶۱۵	۱۳۷۴۷

اوزدعلیھسنلقیعلیکقولاتقیلا

سورۃ المزمل شریف کا دم شدہ کرامتی تیل

اس عمل میں سو فیصد کامیابی حاصل کرنے کیلئے سب سے پہلے سورۃ مزمل شریف کا عامل بننا پڑیگا۔ اگر کوئی عامل نہ بھی بننا چاہے صرف موقع کی مناسبت سے اس سورۃ کے توسل سے اپنے مقصد کی کامیابی چاہے تو وہ صرف روزانہ سادی خوراک کھائے کسی غیر شرعا حرکات سے مکمل اجتناب کرے اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرے اور لوہے کا لنگوٹ پہنے ایک قطرہ بھی پیشاب کے علاوہ کسی شے کا نکلنے نہ پائے وگرنہ عمل کامیاب تو ایک طرف بلکہ ساری زندگی زبردست قسم کی رجعت میں گرفتار ہوگا۔ پانچ وقت کی نماز ضرور ادا کرے اگر اس عمل کو کوئی عورت کرنا چاہے تو گھر میں نماز کو قضاء نہ ہونے دے بلکہ اذان کے بعد نماز کی تیاری شروع کر دے اور اگر کوئی مرد اس عمل کو کرنا چاہے تو وہ خاص طور سے مسجد میں باجماعت نماز ادا کرے۔ روزانہ رات کو بعد نماز عشاء سے مٹی کا چراغ جلائے اور سورۃ مزمل شریف کا اعتصام اکتالیس مرتبہ پڑھے درمیان میں سورۃ المزمل شریف بھی اکتالیس مرتبہ اور اختتام بھی اکتالیس مرتبہ سادہ پانی پاس رکھے کسی بھی قسم کی کوئی حصار نہ کرے جب پڑھائی مکمل طور سے پڑھ لے تو صرف پانی کو پی کر اپنی جگہ سے اٹھے اور مصلے کے اوپر ہی سو جائے اگر موسم سرما ہو تو کوئی لحاف یا گرم شے اوپر رکھ سکتا ہے۔ بعد اکتالیس یوم کے اس میں خاص اثر پایا جائیگا۔ اس عمل کی کامیابی یا اس عمل کا کسی دوسرے سے ہرگز ذکر مت کرے وگرنہ اسی وقت ساری محنت ضائع ہوگی۔ اس کے بعد جس کسی کو بھی جس بھی جسمانی دردوں یا مختلف امراض کے حساب سے سرسوں یا زیتون کے تیل پر اکتالیس مرتبہ دم کر کے دیگا۔ اور مریض اسے استعمال کریگا تو یہ عمل کسی کرامت سے کم نہ ہوگا۔ ہزاروں بیماریوں کی شفاء کیلئے اکسیر عمل ہے۔

دشمن کا قلع قمع

اگر کوئی دین کا دشمن کسی مسلمان کو ناجائز پریشان کرتا ہو مختلف حیلوں بہانوں سے کوئی رکاوٹیں کھڑی کرتا ہو مسلسل پریشان کرتا ہو اور کسی بھی طرح اس کی اصلاح نہ کی جاسکے تو اس عمل کو اس طریقے سے کرے کہ بغض وعداوت کا مکمل تصور باندھ کر کسی صاحب کرامت ولی اللہ کے مزار پر جائے اور اپنے ساتھ ایک کلو سرسوں کا تیل کسی شے میں لے جائے وہاں جا کر ان کے مزار پر جو بھی چراغ ہوں ان سب کا تیل علیحدہ کسی برتن میں جمع کرلے اور جو تیل ساتھ لے کر گیا ہو اس کو اس برتن میں ڈال کر گھر آجائے اس تیل پر اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر صرف اعتصام و اختتام کو اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھے اور اس تیل پر زوردار تین پھونکیں مارے اور نیت پھونکیں مارنے کی اس طرح رکھے کہ جس طرح میں نے زوردار پھونکوں سے تیل کو اڑانے کی کوشش کی ہے اللہ رب العزت میرے اس دشمن کو میرے حق میں اسی طرح اڑا دے اور جس بزرگ کے مزار سے تیل لایا ہے ان کا نام بھی اس عمل میں موقع کی مناسبت سے استعمال کیا جائے پھر ایک کاغذ پر دشمن کی فرضی تصویر بنائے اور اسے جلا کر خاک کردے سفید موم میں اس خاک کو ملا کر اسے کالا کردے اور اسے مشرق کے رخ رکھ کر جلائے اور مٹی کے چراغ میں مزار سے لایا ہوا تیل ڈال کر اس کے سامنے بیٹھ کر سورۃ المزمل کو اکتالیس مرتبہ اپنے دشمن کا کامل تصور باندھ کر پڑھے چراغ کی بتی اتنی موٹی ضرور بنائے جو مسلسل جلنے کے ساتھ خود جل کر تیل کو ختم کرتی ہو بس جتنی دیر تیل رہے اتنے دن اس عمل کی مدت ہے۔ اس عمل کا اثر خود چند دنوں کے اندر اندر آنکھوں کے سامنے آجائیگا۔ اس عمل کو قطعاً ناجائز استعمال نہ کیا جائے۔

اصلاح شوہر

اگر کسی شریف خاتون کا مرد غیر جگہ منہ مارتا ہو اور کسی بھی طرح سے اپنے گھر میں رہنے والے اصولوں کی تمیز بھول چکا ہو اور گھر کا خرچ بھی نہ دیتا ہو اپنے بال بچوں کو مارتا ہو اور اپنی شریک حیات پر بھی ناجائز ہاتھ اٹھاتا ہو تو ایسے ظالم شوہر کی اصلاح اور اسے سیدھے راستے پر لانے کیلئے صاحب عمل بعد نماز فجر زیتون کے تیل پر سورۃ المزمل شریف کو اعتصام واختتام کے ساتھ اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس تیل سے کوئی میٹھی شے پکائے جسے اس کا خاوند شوق سے کھاتا ہو اور اس کھانے میں اس کو کوئی شک نہ ہو جیسے جیسے اس عمل سے اسے میٹھی شے کھلائی جائیگی وہ کراماتی طور پر اپنی ان بری حرکات کا خاتمہ کریگا۔ اور اپنی بیوی وبچوں کی قدر جانے گا۔ اس کا بند دماغ روشن ہوگا۔

درد جسمانی

اگر کسی کے بھی جسم میں ایسی دردیں رہتی ہوں جو دن بدن بڑھتی ہی جائیں اور کوئی دوائی یا نسخہ اپنا اثر نہ دکھاتا ہو اور ڈاکٹروں کی سمجھ سے یہ مرض باہر ہو جائے تو بعد نماز عشاء پاؤ سرسوں کے تیل پر اکیس مرتبہ سورۃ المزمل شریف کو دم کرے اور جسم کے جس حصے پر درد رہتا ہو اس تیل کو وہاں لگا کر زور سے مالش کی جائے تاکہ تیل مساموں کے ذریعے جسم کے اندر داخل ہو جائے اللہ کے حکم سے دوبارہ درد نہیں ہوگی بلکہ جڑ سے اکھڑ جائیگی۔ اگر کسی کو چوٹ سے ایسا زخم بن جائے جو دن بدن پھیلتا ہی جا رہا ہو اور کوئی دوا اپنا اثر نہ دکھاتی ہو تو اوپر درج تیل کو اس جگہ پر روئی کی مدد سے لگائے اللہ کے فضل سے زخم ٹھیک ہونا تو در کنار اس کا نشان تک نظر نہیں آئیگا۔ انشاءاللہ

غلط فہمی کا ازالہ

اگر کسی کا کوئی ایسا فرد دشمن بن چکا ہو جس کا تعلق کسی غلط فہمی سے ہو اور اسے اپنے حق میں مغلوب کرنا ہوتا کہ اس کا نقصان کرتا ہو اور نہ ہی اسے نقصان پہنچاتا ہو تو اس نقش کو دشمن کے نام کے حروف ابجد نکال کے اس کی تعداد کے مطابق لکھے اور روز آٹے میں بند کر کے گولیاں بنا کر دریا یا تالاب میں مچھلیوں کو ڈال آئے اس عمل کے دوران خود بھی اعتصام واختتام کے ساتھ سورۃ المزمل شریف کا ورد کیا کرے اگر سات دنوں کے اندر اس عمل کا اثر شروع ہو جائے اور غلط فہمی درست ہو جائے تو پھر ہمیشہ کیلئے اس کا اثر باقی رکھنے کیلئے اسی نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اگر اسی نقش کو کسی میٹھی شے میں ان افراد کو پلایا جائے جو کسی غلط فہمی کا شکار ہوں تو ان کی اصلاح ہوگی۔ اور ایسی کوئی وجہ پیدا نہیں ہوگی جس سے ان کے درمیان جدائی ہو۔ زندگی میں ایسے کئی موڑ آتے ہیں جس سے دو پیار رکھنے والے افراد کے درمیان پھوٹ پڑ جاتی ہے اور اس کی کوئی واضح وجہ سامنے نہیں آتی اور اسی عمل کی بدولت کوئی بھی برا نہیں بنتا اور مقصد حل ہو جاتا ہے۔ اور ان دو جدا ہونے والوں کو ملانے کیلئے اللہ کی مدد کا غلبہ پیدا ہوتا ہے۔



فوائد مفردات سورۃ المزمل شریف

آگے درج سورۃ مزمل شریف مفردات میں لکھی ہے جس کے بے بہا فوائد ہیں۔ جن کی یہاں تشریح نہیں ہوسکتی اس لئے اگر کسی کے دل میں ایسا خوف پیدا ہو جائے جو کسی بھی طریقے سے نہ جائے تو ان مفردات کو ایک سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے اور اسے چاندی کے پترے میں محفوظ کروا کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے اللہ کے فضل سے ڈر نہیں لگے گا اور وسوسوں کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کسی سے جائز طور سے دشمنی پیدا ہو چکی ہو جس میں دوسرا حریف ناجائز زیادتیاں کرتا ہو تو ان مفردات کو سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھے اور کمہار کے آوے کے ساتھ لگا دے جیسے جیسے آوا گھومے گا دشمن تباہ و برباد ہوگا۔ اگر کسی کو بار بار بدنظری کی شکایت رہتی ہو اور مریض دن بدن کسی نئی تکلیف میں مبتلا رہنے لگے تو ان مفردات کو سرخ سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھے اور اکیس مرتبہ سورۃ مزمل کو کالی مرچ کے ایک دانے پر دم کر کے اس کے اندر رکھ دے اور اسے اپنے گلے میں باندھ لے زندگی میں دوبارہ بدنظری کی شکایت نہیں ہوگی۔ اگر دوسرے افراد کسی انسان کی عزت نہ کرتے ہوں یا پریشان کرتے ہوں تو ان مفردات کو اپنے پہنے ہوئے پاک کپڑے پر کالی سیاہی سے لکھ کر اس پر ایک ہی وقت میں اکتالیس مرتبہ سورۃ المزمل شریف کو پڑھ کر دم کرے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے اللہ کے فضل سے جو کوئی بھی دیکھے گا وہ مطیع و فرمانبردار ہوگا۔ بڑے سے بڑے کام کے حصول کیلئے یا اگر کسی کو بھی ایسی ضرورت پیش آگئی ہو جس سے اس کے اپنے غیر بن جائیں تو ان تمام مقاصد میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے ان مفردات کو کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھے اور انہیں اپنے گلے میں باندھے گھر و دکان اور کاروبار میں فراخی رزق اور غائبانہ امداد حاصل کرنے کیلئے ان مفردات کو سفید کپڑے پر چھوٹا چھوٹا کالی سیاہی سے لکھے اور اسے شیشے کے فریم میں محفوظ کروانے سے پہلے عطر سے معطر کرے اور چوکھٹ کے اوپر لگا دے اللہ کے فضل سے گھر و دکان دونوں ہی اللہ کی خاص حفظ و امان میں رہیں گے جادو ٹونے کا وار و اثرات باطل ہونگے۔

ی ای ھ اال م زم ل ق م ال ی ل ال اق ل ی ل ان ص ف ہ اون ان ق ص
م ن ہ ق ل ی ل ااوزدع ل ی ہ ورت ل ال ق رآن ت رت ی ل اان اس
ن ل ق ی ع ل ی ک ق ول اث ق ی ل اان ن اش ءۃ ال ی ل ھ ی اش
د وط اواق وم ق ی ل اان ل ک ف ی ال ن ھ ارس ب ح اط وی ل ا
واذک راس م رب ک وت ب ت ل ال ی ہ ت ب ت ی ل ارب ال م ش
رق وال م غ رب ل اال ہ ال اھ وف ات خ ذہ وک ی ل اواص ب رع
ل ی م ای ق ول ون واھ ج رھ م ھ ج راج م ی ل اوذرن ی وال م ک
ذب ی ن اول ی ال ن ع م ت ہ وم ھ ل ہ م ق ل ی ل اان ل دی ن اان
ک ال اوج ح ی م اوط ع ام اذا غ ص ۃ وع ذاب اال ی م ای وم ت
رج ف ال ارض وال ج ب ال وک ان ت ال ج ب ال ک ث ی ب ام
ھ ی ل اان اارس ل ن اال ی ک م رس ول اش اھ داع ل ی ک م ک م ا
ارس ل ن اال ی ف رع ون رس ول اف ع ص یٰ ف رع ون ال رس ول
ف اخ ذن ہ اخ ذاوب ی ل اف ک ی ف ت ت ک ون ان ک ف رت
م ی وم ای ج ع ل ال ول دان ش ی ب اال س م اءم ن ف ط رب ہ ک
ان وع دہ م ف ع ول اان ھ ذہ ت ذک رۃ ف م ن ش اءات خ ذال ی
رب ہ س ب ی ل اان رب ک ی ع ل م ان ک ت ق وم ادن ی م ن ث
ل ث ی ال ی ل ون ص ف ہ وث ل ث ہ وط اءف ۃ م ن ال ذی ن م ع
ک وال ل ہ ی ق در ال ی ل وال ن ھ ار ع ل م ان ل ن ت ح ص وہ
ف ت اب ع ل ی ک م ف اق رءوام ات ی س ر م ن ال ق رآن ع ل م
ان س ی ک ون م ن ک م م رض ی واخ رون ی ض رب ون ف ی ال
ارض ی ب ت غ ون م ن ف ض ل ال ل ہ واخ رون ی ق ات ل ون ف
ی س ب ی ل ال ل ہ ف اق رءوام ات ی س ر م ن ہ واق ی موا ال ص ل
وۃ وات وا ال زک وۃ واق رض وا ال ل ہ ق رض اح س ن اوم ات ق دم وا
ل ان ف س ک م م ن خ ی ر ت ج دوہ ع ن د ال ل ہ ھ وخ ی راواع ظ م
اج راواس ت غ ف روا ال ل ہ ان ال ل ہ غ ف ور رح ی م۔

حاضری جنات

اگر کسی کو جنات سے ملاقات اور ان سے رابطہ پیدا کرنے کا شوق ہو تو وہ پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے ایک بالکل یک رنگ سفید لباس کا اہتمام کرے اور علیحدہ کسی جگہ یا کمرے کا بھی اور روز رات کو بعد نماز عشاء بغیر ڈرے یا دوسرے وسوسوں کو دل سے نکال کر سورۃ المزمل شریف کا اعتصام سو مرتبہ درمیان میں سورۃ المزمل اکتالیس مرتبہ اور آخر میں اعتصام سو مرتبہ اپنے مقصد کی نیت کا مکمل تصور باندھ کر پڑھے اس عمل کی مدت کل اکتالیس یوم ہے۔ ڈرنے یا وہم کرنے کی ضرورت نہیں ہے یہ انسان کو ہر طرح سے آزماتے ہیں۔ اس عمل کو کرنے والا انسان ہرگز ان کی آزمائش سے مت گھبرائے بلکہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر مکمل یقین رکھتے ہوئے اپنے کام میں مگن رہے کیونکہ آخر کار انہیں تسخیر میں آنا ہی ہوتا ہے۔ جلد بازی نقصان بھی کرسکتی ہے۔ نہایت احتیاط سے عمل کیا جائے۔

ترقی روحانی

اگر کوئی بھی عملیات میں اس قدر ترقی کرنا چاہتا ہو جس سے یہ اپنے اور دوسروں کے کام آسکے اور کوئی بھی روحانیت میں اس کا ثانی نہ بنے تو اس مقصد میں مکمل مہارت حاصل کرنے اور وقت پر غیبی طریقہ کار سے کسی کرامت کے ظہور کیلئے منجانب اللہ روزانہ رات کو بعد نماز عشاء مکمل تنہائی یعنی کسی بھی شے یا انسان کی آواز کانوں میں نہ آئے کا طریقہ اپناتے ہوئے سورۃ المزمل شریف کو اعتصام واختتام کے ساتھ ایک سو مرتبہ ورد کرے برے کاموں کی طرف بالکل راغب نہ ہو خصوصاً اپنی شرمگاہ و آنکھوں کو بچائے وگرنہ اس محنت کے عوض حاصل کی ہوئی طاقت کو گنوانے کیلئے صرف کسی عورت ذات کی طرف غلط نظر دیکھنے سے پوری محنت ایک سیکنڈ میں رائیگاں جائیگی۔

صرف بچوں کے معاملات میں

اس ایک نقش سے کوئی بھی بروقت لکھے خواص سے کام لے سکتا ہے اگر بچہ ناجائز ضد کرتا ہو تو اس نقش کو بدھ کے دن رات کو سرخ روشنائی سے لکھے اور بچے کا نام مع والدہ لکھ کر اسے سرسوں کے تیل میں ڈال دے پھر اس تیل کی مالش روزانہ اس کے سر پر کرے اور ایک عدد زعفران سے لکھ کر اس کے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے بچہ کبھی ناجائز ضد نہیں کریگا۔ اگر بچہ رات کو سوتے ہوئے بستر پر پیشاب کرتا ہو تو وہ اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھ کر اس کے پہنے ہوئے کپڑے میں لپیٹ کر اس کے سرہانے رکھ دے تو بچہ کبھی بستر پر پیشاب نہیں کریگا۔ اور ایک عدد زائد نقش لکھ کر شیشے کے جگ میں ڈال کر اس کے اندر اتنی چینی ڈالے کہ اس کا پانی شیرہ بن جائے پھر بچے کی ہر کھانے و پینے والی شے میں اس شیرے کو ملا کر ڈال کر کھلائے بچہ ہرگز اپنے والدین سے بدتمیزی یا برا سلوک نہیں کریگا اگر بچہ دن بدن نئی نئی تکالیف میں مبتلا ہوتا ہو تو اس نقش کو سرخ رنگ کے زعفران سے بروز اتوار لکھے اور اس کے اندر اس بچے کے چند بال کاٹ کر رکھے اور پھر اس پر سورۃ المزمل شریف کو اکیس مرتبہ اپنے مقصد و نیت کا مکمل تصور باندھ کر پڑھے اور چاندی میں محفوظ کر کے اس کے گلے میں پہنائے تو بچہ کسی مرض بیماری یا تکلیف میں مبتلا نہیں ہوگا۔ اس کے علاوہ جو بھی اس نقش کو کسی بھی مقصد سے لکھے تو اس پر کم از کم اکیس مرتبہ سورۃ المزمل شریف اعتصام واختتام کے ساتھ ضرور پڑھ کر دم کیا کرے۔



دکان میں برکت حاصل ہو

اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو یا دکان چلتی ہو اور برکت کا حصول نہ ہو تو صبح دکان کھولنے سے پہلے گھر سے وضو کر کے آئے اور باہر کھڑے ہو کر ایک مرتبہ سورۃ المزمل شریف کو پڑھ کر اپنی بند دکان پر تین پھونکیں مارے اور بسم اللہ پڑھکر دکان کو کھولے اور سورۃ المزمل شریف کو اعتصام واختتام کے ساتھ پانچ مرتبہ پڑھ کر دکان کے چاروں کونوں پر دم کرے سات دن اسی عمل کو کرنے کے بعد آٹھویں روز آگے درج نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے بنائے اور اسے دکان پر ایسی جگہ لگا دے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑتی ہو اللہ کے فضل سے دکان کے روپوں میں برکت ہوگی اور گاہک کثرت سے آئیں گے اسی عمل میں زیادہ اثر پیدا کرنے کیلئے اسی نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر دریا یا نہر کے پانی میں ڈال کر اس پانی کے چھینٹے دکان کے چاروں کونوں میں لگائے اور اس پانی کی بے ادبی کسی بھی صورت میں نہ کرے اللہ کرم فرمائیگا۔

تسخیر

اس زبردست عمل کی تاثیر سے کوئی بھی ایک وقت میں دو مقاصد میں بر وقت کامیاب ہوسکتا ہے حاکم وافسران بالا کی تسخیر جس سے وہ کسی کام سے انکار نہ کر سکیں ایسے افراد جن سے مسلسل کام پڑتے ہوں اور وہ ایک وقت میں صاف اور کھرا جواب دینے لگ جائیں اور ایسے افراد جو ناجائز طور پر پریشان کرتے ہوں اور ان کی کسی بھی صورت اصلاح کاملہ نہ ہوتی ہو تو آگے درج نقش کو نوچندی جمعرات والے دن سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے اور اسے چاندی کی انگوٹھی کے نیچے رکھوا کر سیدھے ہاتھ میں پہن کر خود اثرات دیکھ لے۔

نقش مزمل کے مختصر خواص

جس کے پاس یہ نقش عظیم ہوگا اس پر کبھی بھی جادو ٹونہ سحر آسیب یا جن مسلط نہیں ہوگا۔ جس کے پاس یہ نقش ہوگا اس کا ماسوئی اللہ کوئی بھی انسان کوئی نقصان نہیں کر سکے گا بلکہ اس کا نقصان کرنے والا فرد خود نقصان اٹھائیگا۔ اس نقش کو پاس رکھنے والا کبھی کسی کا مقروض نہیں ہوگا۔ اگر خواتین اس نقش کو اپنے پاس رکھیں گی ان کا حمل کبھی ضائع نہیں ہوگا۔ کند ذھن اس نقش کو پاس رکھنے سے تیز حافظے کے مالک ہونگے اس کو پاس رکھنے والے پر کوئی اوزار یا ہتھیار اثر نہیں کریگا۔ اس کو اپنے سفر میں استعمال کرنے والا کبھی بھی سفر کی تھکان یا کسی حادثے کا شکار نہیں ہوگا۔ اور نہ ہی راستے میں کسی مصیبت میں مبتلا ہوگا اور نہ ہی یہ اپنی جائز منزل پر بھٹکے گا اس نقش کو پاس رکھنے والے پر اللہ کی خاص رحمت ہوگی اس نقش کو اگر خرچ کرنے والے روپے پر لکھ کر اپنی جیب اور روپے والے رکھنے والی جگہ پر رکھا جائے تو وہ جگہ روپوں سے خالی نہیں ہوگی۔ اور نہ ہی کوئی چور یا دیگر مخفی مخلوق ان روپوں کو چرا سکے گی۔ اس نقش کو اپنے گلے میں پہننے والا اور اپنے گھر کی چوکھٹ پر لگانے والے پر کوئی بھی بدعمل یا جادو ٹونے اگر کروائیگا تو واپس اسی کی طرف پلٹ جائیگا اور گھر اور گلے میں اس نقش کو پہننے والا ہر جسمانی و روحانی بیماری سے محفوظ ہوگا۔ اگر سفر میں ہوگا تو کسی بھی قسم کا کوئی حادثہ پیش نہیں آئیگا اور نہ ہی کوئی مال و متاع چرا سکے گا۔ اگر کسی کے ناجائز دشمن پیدا ہو چکے ہوں تو ان کی آپس میں پھوٹ اور اپنے طرف سے توجہ ہٹانے کیلئے اس نقش کو کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے موم جامے سے اچھی طرح سے بند کر کے لکڑی کے خول میں رکھ کر چلتے پانی کے کنارے دفن کر دے اس عمل کی بدولت دشمن کبھی صاحب عمل کو کوئی بھی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

بدمزاج اور آوارہ شوہر

اگر کسی شریف بیوی کا میاں نہایت ہی بدمزاج ہو اور اپنے جذبات کی بناء پر اپنی بیوی کو نئی نئی تکالیف میں روزانہ مبتلا کرتا ہو یا کسی بیوی کا شوہر آوارہ ہو اور اپنی بیوی سے کرنے والا شرعی عمل غیر عورت سے کرتا ہو اور اس کا مکمل ثبوت فراہم ہو جائے تو اپنے گھر کو اور اپنے شوہر کی اصلاح کرنے اور گھر میں سکون کی فضاء قائم کرنے کیلئے زیادہ مقدار میں چینی پر سورۃ المزمل شریف کو اکتالیس مرتبہ ایک ہی جلسے میں پڑھ کر دم کیا جائے اور اسے ہر کھانے و پینے والی شے میں ملا کر استعمال کروائی جائے اور اس نقش کو بغیر کسی کو بتائے اپنے سونے والی جگہ کے نیچے دفن کر دے یعنی بستر کے نیچے رکھے زمین میں دفن نہ کرے۔

ناجائز غصہ

اگر کسی خاتون کا میاں بے فضول غصے میں رہتا ہو اور ناجائز طور پر اپنے غصے کا بہانہ کر کے طرح طرح کی اذیتیں دیتا ہو اور اس وجہ سے گھر کا سکون ختم ہو رہا ہو تو اپنے شوہر کی اصلاح کرنے کیلئے بازار سے ایک گلاب کے پھولوں کا ہار لایا جائے یا کسی سے منگوائے اس ہار پر ایک ہی وقت میں اپنے مقصد کا کامل تصور باندھ کر سورۃ المزمل شریف کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے لیکن پہلے اس ہار کو اپنے گلے میں پہنیں پھر اس پر سورۃ المزمل شریف پڑھ کر اسے اپنے گلے میں پھر پہنیں اور اس کو اپنے سونے والی جگہ پر رکھ دیں اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور اپنے شوہر کا نام ایسی قلم سے لکھیں جس میں سیاہی نہ ہو بلکہ کاغذ کے اندر کندہ ہو جائے اللہ کے فضل سے اس عمل کی بدولت شوہر کا ناجائز غصہ اور دیگر خامیاں درست ہونگی۔





یایھا المزمل قم الیل الا قلیلا



نصفه او انقص منه قلیلا





اوزد علیه ورتل القرآن ترتیلا

مشترک اعمال سورۃ المزمل شریف

حاجت روائی

اگر کوئی بہت سخت مشکل میں گرفتار ہو گیا ہو اور اپنی حاجت میں بہت مضطرب الحال ہو تو وہ آدھی رات کے وقت اٹھے یا جاگتا رہے تازہ غسل یا وضو کرے اور دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھے اور گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر اکتالیس مرتبہ سورۃ المزمل شریف اعتصام واختتام کے ساتھ پڑھے اور دوبارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور بعد میں رجوع دل سے اپنی حاجت کے واسطے اللہ کے حضور دعا کرے اللہ کے فضل سے مشکل ومصیبت کا اسی وقت خاتمہ ہوگا۔

مستجاب الدعا

تازہ غسل یا وضو کر کے دو رکعت نفل اپنے مقصد کا تصور باندھ کر پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھے سلام پھیرنے کے بعد اس کا ثواب حضور نبی کریم ﷺ اور غوث الثقلین سید عبدالقادر جیلانی کو پہنچائے اور سات مرتبہ (یا غوث اغثنی واصرنی قضاء حاجاتی) کہے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اکیس مرتبہ سورۃ المزمل شریف پڑھے اور جب ایک مرتبہ سورۃ کو ختم کرے اس دوران ہاتھ اٹھا کر اللہ کے حضور دعا مانگے جو اور جس قسم کی جائز دعا مانگی جائے گی وہ فوراً مستجاب ہوگی۔

فتوحات

بعد نماز فجر (یایھا المزمل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سات مرتبہ پڑھے پھر (قم الیل) سے پڑھنا شروع کرے جب آیت (رب المشرق والمغرب) پر پہنچے تو اس لفظ کو (وکیلا) تک سات مرتبہ تکرار کرے اسی طرح (واللہ یقدر الیل والنھار) کو سات مرتبہ پڑھے اور (یبتغون من فضل اللہ) کو بھی سات مرتبہ پڑھے جب اس طریقے سے تمام سورۃ کو پڑھ لے تو (واستغفر اللہ ان اللہ غفور الرحیم) کو اکیس مرتبہ پڑھے اور ایک سو دس مرتبہ (یا غنی) اور دو سو بار (یا منعم) پڑھ کر اللہ کے حضور گڑگڑا کر دعا مانگے اس عمل کی بدولت بے بہا فتوحات ہونگی۔

حصول رحمت

بعد نماز عشاء امور دنیا سے فارغ ہو کر تنہا اور محفوظ مقام پر نوچندی جمعرات والے دن سے اس عمل کا آغاز کرے ایک سفید لباس پہنے جو سلا ہوا نہ ہو بلکہ احرام کی طرح باندھ لیا جائے وضو یا غسل کرنے کے بعد مصلے پر کھڑے ہو کر دو رکعت نماز ادا کرے اور ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے تین مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھے سلام پھیرنے کے بعد سارا ثواب حضور نبی کریم ﷺ کو پہنچائے اور قبلہ رخ بیٹھ کر سر کی ٹوپی یا عمامہ اتار کر اپنے سامنے رکھ لے اول وآخر اعتصام واختتام گیارہ مرتبہ پڑھ کر درمیان میں سورۃ المزمل شریف کو اکتالیس مرتبہ پڑھے اس تمام عمل کے بعد خاص دعا کرے اور اسی جگہ سو جائے اس عمل کو تب تک کرتا جائے جب تک اللہ رب العزت رحمت نہ فرما دیں بلکہ رحمت ضرور ہوگی۔

حاجت برآری

جب نیا چاند نکلے اس کے پہلے پیر، بدھ، یا جمعرات ان تین دنوں میں سے کسی بھی روز بوقت طلوع آفتاب اول و آخر اعتصام واختتام کو گیارہ مرتبہ پڑھے اور سورۃ المزمل شریف کو اس بلے کے ساتھ اس طریقے سے پڑھے (یا مسبب سبب یا مفتح فتح یا مستھل سھل یا

میسر یسر یا مسخر سخر یا منتمر تمم) جب سورۃ کی آیت کا لفظ (ترتیلا) پر پہنچے تو اسے پچاس مرتبہ آیت (ومن یتق الله یجعل له سے قدرا) تک پڑھ کر اپنی حاجت کی دعا کرے سات روز کامل سے جو بھی حاجت ہوگی اس طریقے سے پوری ہوگی کہ یقین نہیں آئیگا۔

قبول دعا

بعد نماز تہجد کھڑے ہوکر اول و آخر اعتصام واختتام گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورۃ پڑھتے ہوئے جب (مکذبین معك) اور تمام ہونے سورۃ پر ایک مرتبہ اذان پڑھے اسی طرح سورۃ مزمل شریف کو اکتالیس مرتبہ پڑھے پھر گیارہ مرتبہ اعتصام واختتام ضرور پڑھے اور اس عمل کے بعد دعا مانگے۔

حصول رحمت

بعد نماز مغرب دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے ایک ایک مرتبہ سورۃ المزمل اول و آخر اعتصام واختتام گیارہ مرتبہ جو نفل ادا کرنے ہونگے ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے ایک مرتبہ سورۃ المزمل کو پڑھا جائے بعد سلام پھیرنے سر بسجدہ ہوکر ایک مرتبہ سجدے میں سورۃ کو پڑھے اور جب لفظ (وکیلا) پر پہنچے تو سات مرتبہ (اتکذ تك وكيلا) پڑھے پھر سورۃ ختم کرکے سجدے سے سر اٹھا کر دوزانوں ہوکر بیٹھے گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور جب سورۃ مزمل شریف پڑھے تو (یا ایها المزمل محمد صلی الله علیه وآله وسلم) تین مرتبہ پہلے ضرور پڑھے جب سورۃ گیارہ مرتبہ پڑھ لی جائے تو ایک ہزار مرتبہ (یا مغنی یا مهیمن) کا ورد کرے اس کے بعد اللہ سے جو چاہے مانگ لے۔ اللہ رب العزت ہرگز انکار نہیں فرمائیگا اور وہ کام بھی سر انجام پا جائیگا۔ جو سوچ و سمجھ سے باہر ہوگا۔

حاجت روائی

حاجت ضروری کیلئے نماز فجر کی سنت وفرض کے درمیان گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل شریف اول و آخر اعتصام واختتام کے ساتھ پڑھے اور نہایت عاجزی کے ساتھ اللہ کے حضور دعا مانگے اللہ قبول فرمائے گا۔

ہر مقصد کیلئے

جمعے والے دن آدھی رات کو اٹھ کر تازہ غسل کرے سفید لباس پہنے اور اسے خوشبو سے معطر کرے اور ہاتھ میں قرآن مجید پکڑ کر کسی صاحب کرامت ولی اللہ کے مزار پر جائے اور ان کے سرہانے کھڑے ہوکر اس قرآن پاک میں سے دیکھ کر سورۃ المزمل شریف کو اکیس مرتبہ پڑھے اسی طرح اپنے مقصد کے حصول تک مسلسل اسی عمل کو دہراتا جائے بزرگ اللہ کے حضور دعا مانگیں گے۔

فوائد عجیب

ایک وقت مقررہ پر تین مرتبہ آیت الکرسی، تین مرتبہ (استغفر الله ربی من کل ذنب واتوب الیه) پڑھ کر سورۃ شریف اعتصام واختتام کے ساتھ ایک ایک مرتبہ پڑھنا شروع کرے جب آیت (رب المشرق والمغرب لا اله الا هو فاتخذه وکیلا) پر پہنچے تو اس کو سات مرتبہ پڑھے پھر اسی آیت کے شروع میں لفظ ملا کر تین مرتبہ پڑھے جب آیت (والله یقدر اللیل والنهار) پر پہنچے اس کو سات مرتبہ پڑھے (یا من یقدر اللیل والنهار وقدرنی قضاء حاجاتی انك قادر وانت علی کل شیء قدیر) اسے تین مرتبہ پڑھے جب آیت (یبتغون من فضل الله) پر پہنچے تو اسے بھی تین مرتبہ پڑھ کر (اللهم من فضلك

ابتغیت ومن فضلك ارجوفلا تخبتنی یا ذوالفضل
العظیم) تین مرتبہ پڑھے جب سورۃ اس طریقے سے ختم کر لے تو آخری
آیت (واستغفر اللہ ان اللہ غفور رحیم) کو تین مرتبہ
پڑھے (استغفر اللہ الذی لا الہ الا ہو الحی القیوم
واتوب الیہ) تین مرتبہ پڑھ کر تین مرتبہ اس دعا کو پڑھے (اللھم بحق
ھذالسورۃ الشریفۃ العظیمۃ واسئلك بحق اسمائك
الشریفۃ العظام یا ظھیرج یا عطیج یا ستاریش یا
عسیح یا صصیس بحق کھیعص وبحق
حمعسق وبحق محمد الذی سمتیتہ فی
کتابك العزیز یا ایھا المزمل ان تزمنی عن عیون
الناظرین والطاغین والحاسدین من اعدائك
واعدائی برحمتك یا ارحم الراحمین) اس ترکیب کو
اچھی طرح سے پہلے سمجھے اور پھر اس عمل کو کرے اس کی بدولت عجیب فائدے اور
عجیب اسرار ظاہر ہونگے جس کا کسی سے ذکر نہیں کرنا ہوگا۔

قبول دعا

ایک وقت مقرر کر کے چالیس دنوں تک اول و آخر اعتصام و اختتام
گیارہ گیارہ مرتبہ اور درمیان میں سورۃ المزمل کو اکتالیس مرتبہ پڑھے اور اعتصام
کے بعد پہلے سات مرتبہ (وافوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر
بالعباد) کو پڑھے درمیان میں سورۃ پھر اختتام اور اپنے طریقے سے دعا مانگے
یعنی اللہ کے حضور گڑگڑا کر دعا مانگے سر سجدے میں رکھے علیحدگی میں اس عمل کا
آغاز کرے تاکہ اللہ سے کچھ مانگنے میں کوئی جھجک پیدا نہ ہو۔

مشکلات ومصائب کا خاتمہ

سخت حاجت میں عروج ماہ دن نوچندی جمعرات ترک حیوانات و
لذات یعنی پرہیز جلالی و جمالی کرے اور نماز ظہر یا عشاء کے سنت وفرض کے
درمیان پڑھے جب تک حاجت پوری نہ ہو تب تک پرہیز جلالی و جمالی کرنی
ہوگی۔ جب حاجت پوری ہو جائے تب اس پرہیز کو ترک کر دے سب سے پہلے
(یا جمیل) اکتالیس مرتبہ (استغفر اللہ الذی لا الہ الا
ہو الحی القیوم واتوب الیہ) ایک مرتبہ (اعوذ باللہ من
الشیطن الرجیم اور بسم اللہ الرحمن الرحیم
اللھم صلی علی سیدنا محمد بعدد رمل اللھم
صل علی سیدنا محمد بعدد المومنین
والکافرین اللھم صل علیٰ سیدنا محمد بعدد
المطر و جمیع الاشیاء) پڑھ کر سورۃ مزمل شریف کو مع بسم اللہ کے
شروع کرے اور اپنی حاجت کا نام لے اور اس کا مکمل تصور باندھے جب
(وطعاما ذا غصۃ وعذابا الیما) پر پہنچے اس کو سات مرتبہ
پڑھے پھر اپنی حاجت کا نام لے جب (واللہ یقدر الیل والنھار) پر
پہنچے تو سات مرتبہ اسے پڑھے پھر اپنی حاجت کا نام لے اور کہے (فلا
تخبتنی یا ذوالفضل العظیم یا من یقدر الیل
والنھار قادر بقضاء حاجتی فانك قادر وانك علیٰ
کل شیء قدیر) اپنی حاجت طلب کرے کیونکہ موقع اجابت بن چکا
ہوگا۔ پھر جب کلمہ (واستغفر اللہ) پر پہنچے اس کو تین مرتبہ کہہ کر سورۃ

شریف کو ختم کردے اور اپنی حاجت طلب کرے اور سات مرتبہ اس دعا کو ضرور گڑگڑا کر پڑھے۔ (اللهم انی اسئلك بحق هذه السورة الشريفة الكريمة يا طهوج يا عتيح يا شناشا ديب وبحق كهيعص وبحق حمعسق وبحق نبوة محمد الرسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الذى سميت يا ايها المزمل ويا ايها المدثر ترمنى يا عطوف بردا. لطفك من عيون انها عين ادمه من اعدائى برحمتك يا ارحم الراحمين) اس طریقے سے روزانہ گیارہ مرتبہ جو کوئی بھی پڑھے گا اللہ کے حکم سے پہلے سے موجود حاجت روائی ہوگی اور جب اسی عمل میں پختگی پیدا ہوگی تو اپنے ساتھ ساتھ جس کسی کیلئے بھی ایک مرتبہ اس طریقے سے سورۃ پڑھ کر دعا کی جائے فوراً اللہ کے ہاں مستجاب ہوگی یہی طریقہ اس عمل کے عامل بننے کا ہے لیکن اس میں پرہیز جلالی و جمالی اور دیگر ضروریات کی ہوگی جو اکثر اعمال میں ہوتی ہیں۔ یعنی یہ ایک عمل ہی ساری زندگی مختلف کاموں میں کام دیگا۔ جس کسی مقصد میں کامیابی حاصل کرنی ہوگی سورۃ مزمل شریف کو اس طریقے سے پڑھے اور اللہ کے حضور صرف دعا مانگے اللہ کے حکم سے اسی وقت مستجاب ہوگی۔ اور اللہ رب العزت ضرور اس دعا کو قبول فرمائیں گے۔ اس کے علاوہ اگر کوئی ایک مرد یا عورت اپنے آپ کو دنیاوی غلاظتوں سے پاک کرکے نماز و روزے کی سختی سے پابندی کرے اللہ اور اس کے پیارے رسول ﷺ کی باتوں کو مانے اور عبادت و ریاضت میں اپنا ایک نمایاں مقام بنائے اور زندگی میں صرف اس ایک عمل کو کرتا جائے تو اپنے علاوہ کسی دوسرے کیلئے جو کوئی بھی دعا مانگے گا وہ فوراً پوری ہوگی۔ اسی عمل میں استخارہ بھی ہے۔ جس سے مختلف باتوں کا پتہ لگتا رہیگا۔

سورۃ المزمل شریف با موکل

چلہ سورۃ المزمل شریف

کوئی بھی پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے اور جو شرائط عملیات و وظائف پڑھنے کیلئے اپنانی پڑتی ہیں ان پر عمل کرتے ہوئے نیچے درج عزیمت مع مختلف اسماء مع سورۃ المزمل شریف کے پورے نسخے کو اسی طریقے سے روزانہ بعد نماز عشاء اکتالیس مرتبہ پڑھے خوشبو ضرور جلائے اور علیحدہ مقام پر سادہ پانی پاس رکھے اور پڑھے موکلات کی حاضری ہوگی جو مختلف دینی و دنیاوی علوم اور کامیابی کے رازوں سے پردوں اٹھائیں گے اور بہت سے کاموں میں مدد دیں گے اس کیلئے پاک باطن ہونا بہت ضروری ہے۔ اپنی شرم گاہ و آنکھوں کو غیر محرم سے بچایا جائے اور خود اللہ کی عبادت میں بہت زیادہ مشغول ہوا جائے جس سے موکلات اس مرد یا عورت سے بہت جلد مانوس ہوتے ہیں اور اس کے پاس حاضر ہوتے ہیں ایک مرتبہ ان سے رابطہ پیدا ہو جائے اور ان سے دوبارہ آنے کا طریقہ کار پوچھا جائے تو پھر ساری زندگی ہی ان کا ساتھ رہتا ہے۔ اور جو کوئی بھی دینی یا دنیاوی کام ہو اس کے متعلق یہ بالکل سچ بتاتے ہیں اور خود بھی اس کام کو پورا کرنے کیلئے مدد کرتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

يا اسرافيل وبحق شموطتنا بسم الله الرحمن الرحيم- يايها المزمل قم اليل الا قليلا نصفه اونقص منه قليلا يا الله الرفيع جلاله يا اسرافيل بحق معدوسن يا الله الرفيع جلاله يا اسرافيل

بحق معدوسن یا اللہ الرفیع جلالہ یا اسرافیل
بحق معدوسن یا اللہ الرفیع جلالہ یا اسرافیل
بحق معدوسن یا اللہ الرفیع جلالہ یا اسرافیل
بحق معدوسن یا اللہ الرفیع جلالہ یا اسرافیل
بحق معدوسن یا اللہ الرفیع جلالہ یا اسرافیل
بحق معدوسن اوزد علیہ ورتل القرآن ترتیلا انا
سنلقی یا دردائیل بحق خموناً علیک قولا ثقیلا
ان ناشئۃ الیل یا تومائیل بحق صلحوثاً اشد وطاوا
قوم قیلا یا تنکفیل بحق سخرۃ ان لک فی النہار
سبحا طویلا یا رفتمائیل بحق فجر کو واذکر
اسم ربک وبتل الیہ تبتیلا رب المشرق والمغرب
یا امواکیل بحق طہتفتونا لا الہ الا ھو فاتخذہ
وکیلا یا ھیجمائیل یا ھیجمائیل یا ھیجمائیل
بحق کف کف ذرفش خشدا واصبر
علیٰ ما یقولون واھجرھم ھجرا جمیلا یا
جبرائیل بحق تستطیم وذرنی والمکذبین اولی
النعمۃ ومھلھم قلیلا ان لدینا یا روھائیل بحق یا واہ
انکالا وجحیما وطعاما ذا غصۃ وعذابا الیما یا
جبرائیل بحق الخشفف یوم ترجف الارض
والجبال وکانت الجبال کثیبا مھیلا انا ارسلنا

الیکم رسولا شاھدا علیکم کما ارسلنا الی
فرعون رسولا فعصی فرعون الرسول فاخذناہ
اخذ وبیلا یا کلکائیل بحق منتظر فکیف تتقون
ان کفرتم یوما یجعل الولدان شیبا السماء
منفطر بہ کان وعدہ مفعولا یا جولائیل بحق
دینونی ان ھذہ تذکرۃ فمن شاء اتخذ الی ربہ
سبیلا یا رفتمائیل بحق عصا جوان ربک یعلم
انک تقوم ادنیٰ من ثلثی الیل و نصفہ و ثلثہ و طائفۃ
من الذین معک واللہ یقدر الیل والنہار علم اولن
تحصوہ فتاب علیکم فاقروا ما تیسر من القرآن
علم ان سیکون منکم مرضی فلا تخیتنی یا
ذوالفضل العظیم یا من قدر الیل والنہار قضا
حاجتی فانک قادر علینا وانت علیٰ کل شیء
قدیر یا عزرائیل بحق لترغننی وآخرون
یضربون فی الارض یبتغون من فضل اللہ و
آخرون یقاتلون فی سبیل اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم فاقروا ما تیسر منہ واقیموا الصلوۃ واتوا الزکوۃ
واقرضوا اللہ قرضا حسنا وما تقدموا لانفسکم
من خیر تجدوہ عند اللہ ھو خیر واعظم اجرا و
استغفر اللہ ان اللہ غفور رحیم۔

فتوحات دینی و دنیاوی

دینی و دنیاوی معاملات، کاروبار، فراخی رزق، فتوحات دشمنان و حاسدان اور دیگر مختلف امور زندگی سے تعلق رکھنے والے شعبہ جات میں سو فیصد فتح حاصل کرنے کیلئے تین دن روزے رکھے ان تین دنوں میں مکمل پرہیز جلالی و جمالی کی جائے سحری وافطاری کھیر سے کی جائے اتنی کھیر پکائی جائے جو بعد میں ضائع نہ ہو جس دن نیا چاند نکلے اس کی پہلی تاریخ سے لے کر تیسری تاریخ تک اس عمل کی مدت ہے اور یہ تین روزہ عمل ایک ماہ کام دیتا ہے اگر مسلسل کام لینا ہو تو اسی عمل کو چاند کے چڑھنے پر جو پہل تاریخیں بتائی ہیں اس کے مطابق عمل کیا جائے عمل کو بعد نماز عشاء یا بوقت تہجد تازہ غسل یا وضو کر کے ایک سفید رنگ کی چادر اوڑھ لے اور (ایاک نعبد وایاک نستعین) کو سات مرتبہ پڑھ کر اگر بتی پر دم کرے اور اسے جلائے پھر سورۃ المزمل شریف کو یہاں سے اس طریقے سے شروع کرے (وافتح علینا خزائن رحمتك بحق یا یها المزمل زقنی بلطفك الخفي الالطاف) اور جب سورۃ پڑھتے ہوئے لفظ (وكيلا پر پہنچے تو کھڑے ہو کر اکیس مرتبہ (حسبي الله ونعم الوكيل نعم المولیٰ ونعم النصير) اور نو مرتبہ (یارب) پڑھے جب سورۃ پڑھتے ہوئے (ماتيسر من القرآن) پر پہنچے تو اپنے مطلب کو یہاں الفاظ میں بیان کرے اور آخر تک سورۃ پڑھ لے اور انیس مرتبہ (یا رحیم کل صریخ و مکروب وعیاثه ومعاذه یا رحیم) پڑھے اسی طرح سے کل گیارہ مرتبہ اس عمل کی تکرار کرے ایک اسی عمل کی بدولت دولت، عزت، شہرت، بلند مقام اور دیگر جتنی بھی حاجات ہونگی وہ وقت سے پہلے سر انجام پائیں گی اور فتوحات بے مثال اور مسلسل ہی ہوتی رہیں گی۔ اس عمل کو مسلسل کرنے والا افراد اگر کسی بات کے متعلق سوچتا ہے تو وہ فوراً انجام پا جاتی ہے۔

فتوحات ظاہری و باطنی

اس عمل کو کمزور دل حضرات نہ کریں کیونکہ اس عمل سے دو موکلوں کی طرف سے عجیب اشارے ہوتے ہیں جن کو عام انسان برداشت نہیں کر سکتا اور ڈر جاتا ہے اس لئے ڈرنے اور شک شبہ میں مبتلا ہونے والے افراد اس عمل کو نہ کریں بلکہ جو عامل حضرات وہ اس عمل کو کریں اس سے بہت سے فوائد حاصل ہونگے۔ اس عمل کے تین چلے کئے جائیں اور ہمیشہ اسی عمل پر مداومت کی جائے اول وآخر ایک سو گیارہ مرتبہ اس درود شریف کو پڑھے (اللهم صل علیٰ محمد وعلیٰ آل محمد وبعدد المزمل والخصائص بعده یا حنان انت الذی وسعت کل شیء رحمة وعلیما یا حنان) پڑھ کر ایک سو گیارہ مرتبہ سورۃ شریف کو پڑھ کر یہ دعا کرے (اللهم انی اسئلك ان تسخرنی خدام هذه السورة الشريفة بحق لا اله الا الله محمد رسول الله) پھر آخر میں درود مذکور ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر عمل تمام کرے ایک چلہ تک اسی طریقہ سے پڑھتا رہے جب دوسرا چلہ شروع ہو تو صرف سورۃ شریف کی بجائے ایک سو گیارہ کے اکیاسی بار کر دے باقی درود بدستور پڑھتا رہے تیسرے چلے میں سورۃ شریف اکتالیس بار روز پڑھے جب تینوں چلوں سے فارغ ہو جائے تو ہمیشہ اپنی طاقت کے موافق گیارہ بار سات بار پانچ بار تین بار یا ایک بار بلا ناغہ سورۃ کو پڑھا جائے اس سے عمل قابو میں رہتا ہے۔ اگر موکل ظاہر ہو جائیں تو ان سے عہد و پیمان اس طریقے سے کئے جائیں جو ساری زندگی نبھائے جاسکیں ایسا عہد مت کریں جو بعد میں پورا نہ ہوا اگر ایسا کیا تو ساری زندگی رجعت میں گرفتار رہا جائیگا۔

حب و بغض

اس عمل کی بدولت اپنے محبوب کو سات سمندر پار سے اپنے پاس حاضر کیا جاسکتا ہے اور اگر کوئی دشمن ہو تو اسے نیست و نابود کیا جاسکتا ہے لیکن اس عمل میں دونوں طرح سے دشمن یا محبوب کی تصویر کی حاجت ہوتی ہے عمل کا طریقہ اگر حب کیلئے کرنا ہو تو عروج ماہ میں بدھ یا جمعرات والے دن سے آغاز کرے ایک وقت معین کیا جائے اور اس میں رد و بدل نہ کی جائے جگہ ایسی منتخب کی جائے جس کو بدلا نہ جائے اور نہ ہی کوئی دوسرا اس جگہ آئے کامل طہارت کے ساتھ نماز پڑھے پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ المزمل شریف کو اکیس مرتبہ پڑھے اور دوسری رکعت میں پانچ مرتبہ پڑھے بعد سلام پھیرنے کے اپنے مطلب کے حساب سے دعا مانگی جائے اور تصویر پر اپنے مقصد کا تصور باندھ کر تین زوردار پھونکیں ماری جائیں اور اگر دشمن کیلئے عمل کرنا ہو تو اس تصویر کے اردگرد کالی سیاہی سے تین دائرے علیحدہ علیحدہ لگائے جائیں اور اسی طریقے عمل کر کے اس پر پھونکیں ماری جائیں جس مقصد کیلئے بھی نیت باندھیں گے عمل اسی طرف جائیگا۔

باطن کھل جائے

اگر کوئی فرد اپنا باطن کھولنا چاہے جس سے ہر چھپی شے کو ظاہراً اپنی آنکھوں سے دیکھ سکے تو عروج ماہ میں پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے چلتے پانی میں کھڑے ہو کر ایک دن تین دن پانچ دن سات دن یا گیارہ غرض طاق دنوں کے حساب سے سورۃ المزمل شریف کو گیارہ سو مرتبہ پڑھے اللہ کے فضل سے اس عمل کی بدولت اس کا باطن وسیع ہوگا۔ اور جو کچھ اس کائنات میں چھپا ہوگا اس کو ظاہر طور سے اپنی آنکھوں سے دیکھا جاسکے گا۔

مطلوب حاضر ہو

اس عمل کو ایسے افراد کریں جنہوں نے پہلے سورۃ المزمل شریف کی زکات ادا کر دی ہو یعنی اسے سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھ لیا ہو جو افراد اس سورۃ کی زکات ادا کر چکے ہونگے وہ اس عمل میں کامیاب ہونگیں اور اگر کسی نے اس کی زکات نہیں ادا کی ہوگی تو شاید اس عمل کی بدولت وہ کامیاب ہو یہ سب پھر قسمت پر منحصر ہوگا۔ اس عمل کیلئے کسی ایسی تنہا جگہ کا انتظام کیا جائے جہاں خاص طور سے کتے کی آواز کانوں میں یا اردگرد نہ آئے تین لکڑیاں لائی جائیں ایک لکڑی انجیر، دوسری انار شیریں، تیسری شہتوت، ان تینوں لکڑیوں کو ایک دوسرے سے باندھ کر ایک تپائی بنائی جائے اور ایک کورا مٹی کا چراغ اس تپائی پر رکھے اور سرسوں کا تیل اس میں ڈال کر محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر اس فلیتے کو بنائے اور چراغ کا منہ محبوب کے گھر کی طرف رکھے یا اگر وہ ملک سے باہر گیا ہو تو اس ملک کی طرف چراغ کا منہ رکھے پھر ایک فولادی بڑی سی سوئی اور اکتالیس عدد کالی مرچیں لیکر چراغ کے سامنے بیٹھے اور ایک مرچ کو سوئی سے چھیدتا جائے اور سورۃ کو پڑھتا جائے جب ایک مرتبہ سورۃ کو ختم کر لے تو اسے چراغ کی لو میں اسی سوئی پر لگا کر جلا دے اسی طریقے سے اکتالیس عدد کالی مرچوں کو سوئی سے چھیدتا جائے اور سورۃ پڑھ پڑھ کر ایک ایک پر علیحدہ علیحدہ دم کر کے سوئی کے ساتھ لگا کر انہیں اس چراغ کی لو میں جلاتا جائے یہ ایسا سریع التاثیر اور سینے کا ایسا راز ہے جسے فاش کر دیا ہے اس لئے یہ عمل نورانی ہے کسی کیلئے ناجائز طور پر ہرگز نہ کیا جائے ورنہ رجعت میں گرفتار ہونے کا اندیشہ رہیگا۔

٢١٧٢٢٦٢٨٤ فلان بن فلان ٢٨٦٢٢٦٢٨٤

مسخر شود

میاں بیوی

اگر میاں بیوی کی کسی بھی طور آپس میں نہ بنتی ہو یا وہ غیر ضروری باتوں کی وجہ بنا کر آپس میں لڑتے جھگڑتے ہوں جس سے گھر کا سکون و ماحول دونوں ہی متاثر ہوں اور بچوں پر اس کا برا اثر پڑتا ہو تو سورۃ المزمل کو کسی بھی کھانے و پینے والی میٹھی شے پر روزانہ گیارہ مرتبہ مصلے پر بیٹھ کر دم کر کھلائی پلائی جائے اتفاق و محبت قائم ہوگا۔ اور سکون کی فضا قائم ہوگی۔

تسخیر خلائق

جو کوئی کل عالم کی تسخیر کرنا چاہتا ہو جس میں انسانوں سے لے کر جانور تک اس کے فرمانبردار رہیں تو اول و آخر درود شریف جو مشترکہ اعمال میں پچھلے صفحات میں لکھا ہے اکتالیس مرتبہ پڑھے اور درمیان میں سورۃ المزمل شریف کو پڑھے اور جب لفظ (الی ربه سبیلا) پر پہنچے تو اسے ایک سو اٹھائیس مرتبہ پڑھے اور ایک مرتبہ اسی کے ساتھ سورۃ الاخلاص اس طریقے سے پڑھے (قل هو الله احد یا حنان الله الصمد یا منان لم یلد یا کریم ولم یولد یا رحیم ولم یکن له کفوا احد یا عزیز) اور آگے سورۃ المزمل شریف پڑھتا ہوا اسے ختم کر دے اس عمل کو تن تنہا مقام پر ایک وقت مخصوص یعنی ایسا وقت مقرر کر کے پڑھے جس میں قطعاً کوئی کوتاہی نہ ہو بلکہ پانچ یا دس منٹ پہلے اس جگہ پر موجود ہو اس کے اثرات بعد سات روز کے خود ہی دیکھ لے لیکن کسی سے اس عمل کا کسی بھی طور ذکر نہ کرے ورنہ ایک لمحے میں یہ سارا عمل ضائع ہو جائیگا اور نئے سرے سے محنت کرنی پڑیگی۔

تسخیر حاکم وافسران

اول و آخر درود شریف ابراہیمی گیارہ مرتبہ اور سورۃ المزمل شریف کا پہلا رکوع اکیس مرتبہ اور دوسرا رکوع گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی یا شربت پر دم کرے اور پینے سے پہلے تھوڑا سا اپنے سر پر رکھ کر اس کی مالش کرے اور باقی کا بسم اللہ پڑھ کر پی لے اللہ کے فضل سے حاکم وافسران دیکھتے ہی مسخر ہونگے اور ان سے جو بھی جائز کام کہا جائیگا وہ اس کو کرنے کی خامی بھریں گے لیکن کام جائز ہونا چاہئے ان اعمال میں اس سورۃ کے موکلات مدد کرتے ہیں اگر کام جائز ہو۔

تسخیر دیو پری

اس ایک عمل کی بدولت اگر نیت دیو کو حاضر کر کے اس سے کام لینے کی ہو تو دیو کا ایک بڑا گروہ اس سورۃ کے مسخر ہوتے ہوئے اطاعت و فرمانبرداری قبول کریگا۔ اور اگر کسی کو پری دیکھنے کا شوق ہو یا اسے مسخر کرنا ہو تو پریوں کی ایک جماعت حاضر ہوگی ان سے عہد و پیمان کر لیا جائے لیکن اس عمل کو شروع کرنے سے پہلے اس بات کی مکمل نیت باندھنی ہوگی کہ کس کو حاضر کرنا ہے ایک تنہا جگہ حرمل و گوگل کو آپس میں ملا کر کوئلے پر دھکا کر سفید رنگ کی ایک احرام کی طرح چادر باندھ کر بعد نماز عشاء سورۃ المزمل شریف کو ایک سو ایک مرتبہ اور اول و آخر سورۃ المزمل کا اعتصام واختتام اکتالیس مرتبہ پڑھا جائے اکیس دنوں کا عمل میں سو فیصد کامیابی حاصل کرنے کیلئے تب تک اس جگہ سے باہر نہ جایا جب تک عمل میں کامیابی نہ ہو اور نہ کسی کو دیکھا جائے بلکہ جو کی روٹی اور کدو کا سالن کھانے اور اسے پکانے کیلئے کسی پاک و پرہیزگار آدمی کا بندوبست کیا جائے جو اپنے ہاتھوں سے پکا کر کھلائے اور پینے کیلئے پانی باہر ہی رکھ دیا کرے اگر اس عمل کو کرنے میں

ڈر لگے تو ایک چھری بغیر کسی حیوانی دانت کے دستے کے اس پر آیت الکرسی کو سات مرتبہ دم کر کے اپنے گرد گولائی میں پھیر لیا کرے کسی بھی قسم کا ڈر و خوف نہیں ہوگا۔ دیو یا پری جو کوئی بھی حاضر ہو اس سے عہد و پیمان کر کے انہیں رخصت کیا جائے اور جب ان کی کوئی ضرورت ہو تو انہیں اس طریقے سے بلایا جائے جو وہ خود اپنے آنے کا طریقہ بتائیں یہ نہایت ہی زبردست اور آسان نسخہ ہے جس کے ذریعے اس قسم کے کام شرطیہ ہوتے ہیں۔

وسعت رزق

اگر کسی کا کاروبار بند ہو گیا ہو یا چلتا نہ ہو یا دیگر کوئی اور صورت بن گئی ہو یا اسے زیادہ سے زیادہ چلانا ہو تو روز بعد نماز عشاء اول آخر سورۃ کا اعتصام و اختتام گیارہ مرتبہ پڑھ کر سورۃ کو پڑھا جائے اور جب لفظ (وکیلا) آئے تو اکتالیس مرتبہ (حسبنا اللہ و نعم الوکیل) پڑھ کر سورۃ کو ختم کر لیا جائے اگر پہلے سے رزق بند ہو چکا ہو تو سادے پانی پر اسی طریقے سے سورۃ کو پڑھ کر اس پر دم کیا جائے اور اس کے چھینٹے دکان کے کونوں میں لگائے جائیں اللہ کے فضل سے غیبی طریقوں سے رزق کی آمد ہوگی۔

سونے کا درخت

جب اس عمل کو کرنا ہو تو اس کیلئے ایک ایسا وقت نکالا جائے جس میں رد و بدل کسی بھی طریقے سے نہ کی جائے اور اول و آخر درود ابراہیمی کو سات مرتبہ پڑھ کر سات مرتبہ (یاایھا المزمل زمنی بلطفک الخیر بحرمۃ حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) پڑھے اور سورۃ المزمل کو پڑھنا شروع کر دے جب کلمہ (فرعون رسولا) پر پہنچے تو (حسبنا اللہ و نعم الوکیل) گیارہ مرتبہ پڑھ کر سورۃ کو ختم کر دے۔ دوسری مرتبہ پھر سورۃ المزمل پڑھنے سے پہلے ان کلمات کو گیارہ مرتبہ پڑھے اور سورۃ کو شروع کرے (شاھت الوجوہ للحی القیوم و قد خاب من حمل ظلماً حمعسق مرج البحرین یلتقیان بینھما برزخ لا یبغیان) اس کے بعد سورۃ کو پڑھ کر ختم کر دے تیسری مرتبہ سورۃ المزمل شروع کرنے سے پہلے یارہ مرتبہ اس پڑھے (کفایتنا حمایتنا فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم) سورۃ مکمل پڑھ کر ختم کر دے اس عمل میں ثابت قدمی رکھے اللہ کے حکم سے رزق اتنا وافر مقدار میں حاصل ہوگا۔ جیسے سونے کا درخت ہی کہہ سکتے ہیں۔

تباہی دشمنان

اس عمل کے ذریعے دشمن و حاسدوں کا جائز طور پر خاتمہ کیا جا سکتا ہے جیسے کوئی کسی کو ناجائز پریشان کرتا ہو اور طرح طرح کی عجیب باتیں کر کے دل دکھاتا ہو یا کسی مسئلے میں روز ہی مبتلا کرتا ہو تو سورۃ المزمل شریف کو مفردات میں جیسے پیچھے صفحے میں لکھی ہے مفردات کو وہاں سے دیکھ کر ایسا نہ لکھا جائے بلکہ گولائی کی طرح گول گول کر کے لکھتا جائے اس کے لکھنے کیلئے مٹی کا ایک کورا ایسا سکورا حاصل کیا جائے جسے پہلے پانی نہ لگا ہو چونکہ مفردات گولائی میں لکھے جائیں گے اس لئے اس کے درمیان میں نام دشمن مع والدہ لکھ کر اسے الٹا کر کے آگ کے اوپر یا جہاں آگ جلتی ہو وہاں اس کے نیچے دفن کر دے اس عمل کی بدولت دشمن و حاسد کا حال خود اپنی آنکھوں سے دیکھا جا سکتا ہے کیونکہ جس قسم کی گندی اور بے فضول قسم کی سوچ وہ رکھتا ہوگا۔ اس عمل کی بدولت وہ خود اس کی لپیٹ میں آئیگا۔

ہلاکت دشمن

دین اسلام کا دشمن اور مسلمانوں کو بلاوجہ اذیتوں میں مبتلا کرنے والے افراد کیلئے جمعے والے دن بعد نماز جمعہ سورۃ المزمل شریف کو وہیں اکیس مرتبہ اول وآخر ایک ایک مرتبہ اعتصام واختتام کے ساتھ اپنی نیت کا مکمل تصور باندھ کر سرسوں کے اکیس یا اکتالیس دانوں پر دم کر کے انہیں آگ میں پھینک دے اس عمل سے مسلمانوں کا دشمن خود نیست ونابود ہو جائیگا۔

تباہی وبربادی

اگر کوئی معصوم فرد کسی ظالم کے ہتھے چڑھ گیا ہو اور اس سے نجات حاصل کرنے کی کوئی بھی صورت نہ نکلتی ہو تو بروز جمعہ بوقت صبح سورج طلوع کے سربرھنہ کر کے بغیر بسم اللہ کے انیس مرتبہ سورۃ المزمل شریف کو اعتصام واختتام کے ساتھ اپنے مقصد کا تصور باندھ کر دم کرے اور اپنے چاروں طرف چار پھونکیں اپنے دشمن کا چہرہ سامنے لاکر مارے۔

ہلاکت وتباہی

اگر کوئی کسی کو بلاوجہ پریشان کرتا ہو تو دو قبروں کے درمیان بیٹھ کر چاروں قل شریف کو ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے گرد حصار کرے اور تصور ہلاکت وتباہی دشمنان رکھ کر سورۃ المزمل کو بہتر مرتبہ اول وآخر گیارہ مرتبہ اعتصام واختتام کے ساتھ پڑھے سورۃ پڑھتے ہوئے جب لفظ (ترتیلا) آئے تو تین مرتبہ اپنا سیدھا ہاتھ زمین پر مارے اور کلمہ (عذابا الیما) پر دشمن کی ہلاکت وتباہی یا جو کوئی بھی تصور باندھا ہو اسے قائم رکھتے ہوئے سورۃ کو ختم کردے اسی ترتیب سے طاق دنوں تک اس عمل کو کرتا جائے نتیجہ سامنے آجائیگا۔

ویرانی

اگر کسی دین کے دشمن کا گھر اور اسے تباہ وبرباد کرنا ہو جس سے وہ دوسرے مسلمانوں کو پریشان نہ کر سکے تو کسی تباہ شدہ قبر یعنی جس قبر میں گڑھے ہوں اس کے اندر سے ایک مشت مٹی بھر کر نکالے اور گھر کسی علیحدہ تنہائی کے مقام پر سورۃ المزمل کو اکیس مرتبہ اعتصام واختتام کے ساتھ اپنے مقصد کا کامل تصور باندھ کر دم کرے اور کسی طریقے سے اس مٹی کو اس کی گزرگاہ میں پھینک دے یا اس کے گھر میں ڈال دے اس کا گھر اور وہ خود ویران ہو جائیں گے۔

بندش بدی

اگر کوئی مسلسل ہی کسی کے ساتھ بدی کرتا ہو جس سے زندگی کا ماحول بری طرح سے متاثر ہوتا ہو اور اس کی کوئی سمجھ نہ آئے تو دشمن کے پہنے ہوئے کپڑے کو جلائے اور اس دوران خود سورۃ المزمل پڑھتا رہے جب تک کپڑا جلتا رہے تب تک سورۃ کو پڑھتا رہے جب کپڑا جل کر راکھ ہو جائے تو سورۃ کو اس راکھ پر دم کرے اور کسی طریقے سے اس راکھ کو دشمن کو کھانے پینے والی شے میں کھلا پلا دے یا اس کی گزرگاہ میں ڈالے مقصد حاصل ہوگا۔

تباہی

اگر کوئی دشمن نہایت ہی ظالم وسفاک ہو اور دوسرے انسانوں کو بلاوجہ پریشان کرتا ہو تو قبرستان میں ایسی قبریں ڈھونڈ لے جو ویران ہوں ان کے درمیان بیٹھ کر سورۃ المزمل کو اعتصام واختتام کے ساتھ اکتالیس مرتبہ پڑھے اور اٹھنے سے پہلے وہاں سے ایک مٹی خاک اٹھا کر لاتا جائے اکیس دنوں کے بعد اسی خاک کو دشمن کے گھر اور اس کی گزرگاہ میں ڈال دے دشمن ایسا تباہی کے کنارے جا لگے گا جس کا علاج نہیں ہوگا۔

شرطیہ ہلاکت

ظالم وسفاک انسان اور دوسرے مسلمانوں کو ناجائز طور پر نشانہ بنانے والوں کیلئے یہ عمل کسی سیف تلوار سے کم نہیں ہے لہذا اس کا استعمال اسی صورت میں کیا جائے جب دشمن دوسروں کیلئے ناسور بن جائے اور اسی عمل کو ناجائز کرنے والے خود رجعت میں مبتلا ہو سکتے ہیں اور ایسا بہت کچھ کھو سکتے ہیں جوان کے پاس ہونا چاہئے کیونکہ یہ نہایت ہی جلالی عمل ہے جو کرنے پر نشانے پر تیر کی طرح لگتا ہے پرہیز جلالی وجمالی ضرور کرنی ہوگی اور درمیان سنت وفرض نماز ظہر وعشاء کے سات روز تک برابر روزانہ سورۃ المزمل شریف کو اس طریقے سے پڑھے سورۃ شریف پڑھتے ہوئے جب (اشد وطاو) پر پہنچے تو کہے (اے اللہ رب العزت فلاں بن فلاں کے شر کو مجھ سے دور کر اور اسے اسی کے جال میں پھنسا) پھر سورۃ پڑھنا شروع کرے اور جب (واصبر علیٰ ما یقولون) پر پہنچے تو کہے (اے پاک پروردگار فلاں بن فلاں کو میرے حق میں باندھ اور اس کا دل، دماغ، آنکھ، کان، ہات، پیر کو میری جانب رجوع کرے پھر سورۃ پڑھنا شروع کرے اور جب (واللہ یقدر الیل والنہار) پر پہنچے تو کہے یا پاک پروردگار فلاں بن فلاں کو پراگندہ کر اور اس کی قوم کو سرگردان کر جب (ان اللہ غفور الرحیم) پر پہنچے تو کہے یا الٰہی میں جانتا ہوں کہ اس کی ہلاکت ایک قتل ہے جب کہ تو دلوں کے حال بہتر جانتا ہے اس لئے فلاں بن فلاں کو ہلاک کر ہلاک کر و بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ یہ عمل ہلاکت اور دشمن کی اصلاح کیلئے بھی کیا جاسکتا ہے لیکن اس کیلئے ہلاک کی جگہ اصلاح کا لفظ استعمال کیا جائے یا دشمن سے صلح کرنی ہو تو لفظ صلح کو لگایا جائے اور عمل کو اسی طریقے سے کیا جائے۔

بندش کھل جائے

بعض اوقات کوئی انسان وقت کی ایسی گردش میں مبتلا ہو جاتا ہے جس سے کوئی بھی دعا وظیفہ یا کوئی بھی وسیلہ ہرگز اپنا اثر نہیں دکھاتے اس کے علاج اور اس بندش کا مکمل خاتمہ کرنے کیلئے اس نقش کو خالص مشک وزعفران سے لکھے اور تعویذ کی طرح لپیٹ دے اور اسے صاف ستھرے پینے والے پانی میں ایک غوطہ دے اور باہر نکال لے پھر دوسری مرتبہ پانی میں ڈالے اور باہر نکالے پھر تیسری مرتبہ اسے اسی طرح پانی میں رکھ دے اور خود سورۃ المزمل شریف کو پڑھنا شروع کردے آہستہ آہستہ کاغذ کھلتا جائیگا تب تک سورۃ کا ورد کیا جائے جب تک کاغذ پوری طرح کھل نہ جائے چونکہ زعفران سے لکھا ہوگا پانی پیلا ہو جائیگا۔ اس پانی کو اپنے مقصد کا تصور باندھ کر بسم اللہ پڑھ کر پیئے اس عمل کو سات دنوں تک کیا جائے اور وقت صبح بعد نماز فجر کا ہونا چاہئے یہ ایسا بے مثال عمل ہے جس سے دنوں، نحوستوں، ستاروں، برجوں اور دیگر جتنی بھی اقسام کی گردشیں اس کائنات میں پائی جاتی ہیں ان سب کا بیک وقت خاتمہ ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی بندش و رکاوٹ کا شکار ہوتے ہوئے کسی خلل آسیب یا جنات کی لپیٹ میں آیا ہو اور وہ اپنا قبضہ نہ چھوڑتا ہو تب بھی اس عمل کو اسی طریقے سے کیا جائے لیکن اس کے ساتھ ایک نقش کو زائد زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں باندھا جائے اللہ کے فضل سے افاقہ ضرور بر ضرور ہوگا۔

الٓمٓ	المزمل	المزمل	المزمل	خزمل
الٓمٓ	المزمل	المزمل	المزمل	خزمل
الٓمٓ	المزمل	المزمل	المزمل	خزمل

کھلا کھلا

گھر و کاروبار میں خیر و برکت

آگے درج نقش کو جو کوئی بھی خالص زعفران ومشک وگلاب کو آپس میں ملا کر اسے سفید رنگ کے کاغذ پر لکھے اور اسے شیشے کے فریم میں محفوظ کروا کر اسے کاروباری جگہ پر چوکھٹ کے اوپر لگائے تو اس کی برکت سے وہاں سے نحوستوں اور گردشوں کا خاتمہ ہوگا جو کوئی بد اعمال اور جادو ٹونے کرواتا ہو ہوگا یا دکان بد اثرات کے زیر سایہ آ چکی ہوگی اس کا خاتمہ ہوگا اور غائبانہ طریقے سے رزق وسیع ہوگا۔ گاہک زیادہ سے زیادہ آئیں گے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ روپوں میں برکت ہوگی۔ اگر اسی نقش کو اسی طریقے سے لکھ کر گھر میں چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے تو بھی بد اثرات بدنظر اور مختلف نحوستوں کا بیک وقت خاتمہ ہوگا۔ اور کسی بھی قسم کا کوئی وار یا بد اثرات گھر میں داخل نہیں ہونگیں گھر اللہ کے حکم سے اللہ کی خاص حفظ و امان میں رہیگا گھریلو جھگڑے فساد چھوٹی چھوٹی اور بلاوجہ باتوں پر لڑنا اور اس سے دیگر رزق بندی کا خاتمہ ہوگا۔ یہ نہایت ہی سریع التاثیر نقش ہے جس کی تشریح یہاں ممکن نہیں ہے۔ اگر کوئی فرد اپنی گردشوں کے خاتمے کیلئے اس نقش کو بنا کر اسے اپنے گلے یا بازو پر باندھے تو وہ فرد کئی قسم کی نحوستوں سے محفوظ ہوگا۔ جس سے دنیاوی معاملات میں اسے کسی بھی رکاوٹ کا کوئی سامنا نہیں ہوگا اور جس کام میں ہاتھ ڈالے گا اس میں ضرور کامیاب ہوگا۔ ہر قسم کے ڈر و خوف کو اپنے آپ سے دور کرنے کیلئے اور بدنظریوں کے مکمل خاتمے کیلئے اس نقش کو باعث برکت کیلئے بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق اپنے گلے یا بازو پر باندھا جائے اللہ کے حکم سے بد اثرات زائل ہونگے۔ اس کے علاوہ اس نقش کو کسی بھی جائز مقصد کا تصور باندھ کر استعمال کیا جا سکتا ہے کسی جگہ سے خلل آسیب کا خاتمہ کرنے کیلئے لٹکایا جائے اور کونوں میں اس کا چھڑکاؤ کیا جائے۔

مــحــمــد

جبرائیل المــزمل عزرائیل

مهد	مزمل	مدثر	مصطفی	مرتضیٰ
مزمل	مدثر	مصطفی	مرتضی	مجتبیٰ
مدثر	مصطفی	مرتضی	مجتبی	مختار
مصطفی	مرتضی	مجتبی	مختار	منصور
مرتضی	مجتبی	مختار	منصور	مومن
مجتبی	مختار	منصور	مومن	مطیع
مختار	منصور	مومن	مطیع	مذکر
منصور	مومن	مطیع	مذکر	مدنی
مومن	مطیع	مذکر	مدنی	مضری
مطیع	مذکر	مدنی	مضری	مطهر
مذکر	مدنی	مضری	مطهر	منتقی
مدنی	مضری	مطهر	منتقی	متوسط
مضری	مطهر	منتقی	متوسط	متصدق
مطهر	منتقی	متوسط	متصدق	مهدی
منتقی	متوسط	متصدق	مهدی	مبین
متوسط	متصدق	مهدی	مبین	محلل
متصدق	مهدی	مبین	محلل	محرم
مهدی	مبین	محلل	محرم	مصدق
مبین	محلل	محرم	مصدق	مکی
محلل	محرم	مصدق	منیب	مبلغ

اسرافیل المــزمل میکائیل

اپنے حق میں کرنا

اس عمل کی بدولت کوئی کسی کو بھی اپنے حق میں جائز طریقے سے کر سکتا ہے، اس کی زبان، عقل، فہم، ہوش، زبان، اور سارا جسم اپنی تسخیر میں کر سکتا ہے لیکن اس عمل کو جائز جگہ استعمال کرنا چاہئے جیسے اولاد بڑوں سے بدتمیزی کرتی ہو اور کسی بھی طرح ان کی اصلاح نہ ہوتی ہو، میاں بیوی بہن بھائی آپس میں لڑتے جھگڑتے ہوں، کوئی اپنا دشمن بن گیا ہو اور اسے اپنے حق میں کرنا ہو یا اس سے متعلق جتنے بھی دنیاوی معاملات میں ان سب میں کسی کو بھی اپنے حق میں کرنے کیلئے سب سے پہلے یہ دیکھا جائے کہ جس پر عمل کرنا ہے وہ عورت ہے یا مرد اگر عورت ہو تو کسی بھی ایک رنگ کی بکری کی زبان حاصل کی جائے اور اگر کسی مرد کیلئے اس عمل کو کرنا ہو تو ایک ہی رنگ کے بکرے کی زبان بروز نوچندی جمعرات کو حاصل کی جائے اور اگر گھر میں مشترکہ عمل کرنا ہو تو مختلف رنگ والے بکرے کی زبان حاصل کی جائے اس کی زبان پر ایک ہی جلسے میں سورۃ المزمل شریف کو اکیس مرتبہ اول و آخر گیارہ مرتبہ اعتصام واختتام کے ساتھ پڑھ کر دم کیا جائے اور سادے گوشت کے ساتھ اس زبان کو پکا کر جو کوئی بھی کھائے گا وہ کھلانے والے کے حق میں تسخیر ہوگا۔ اور کسی بھی قسم کی نافرمانبرداری اور بدتمیزی نہیں کر سکے گا۔ غرض کے اس عمل کی بدولت کسی کو بھی اپنی تسخیر میں کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اس عمل کو ہمیشہ جائز جگہ استعمال کیا جائے کیونکہ اگر اس نورانی عمل کو ناجائز استعمال کیا گیا تو ہو سکتا ہے کہ اس عمل کے ذریعے کامیاب ہونے والا خود ہی کسی مصیبت میں مبتلا ہو جائے اس لئے رجعت اور دیگر عذاب اور عذاب جیسی صورتوں سے محفوظ رہنے کیلئے اس عمل کو جائز استعمال کیا جائے۔

تسخیر خلائق

اس عمل کے ذریعے حاکم، محبوب، کل عالم، کسی مخصوص فرد یا ساری مخلوق کو اپنی تسخیر میں کرنے کیلئے کیا جا سکتا ہے۔ یہ عمل نہایت ہی زبردست اور زود اثر ہے۔ اور کوئی بھی اس عمل کی آزمائش کر سکتا ہے۔ عروج ماہ میں چہار شنبہ والے دن کو روزہ رکھا جائے اور پاک وصاف سفید لباس پہن کر اسے خوشبو سے معطر کیا جائے اور نماز عشاء پڑھ کر اسی جگہ سویا جائے جہاں اس عمل کو کرنا ہے کسی اور جگہ مت سوئے اگلے دن بعد نماز عشاء سورۃ المزمل کو یہاں سے شروع کرے اور اس عزیمت کو ایک سو کی تعداد میں پڑھے اور درمیان میں سورۃ المزمل کو اکتالیس مرتبہ (یا جبرائیل یا عزرائیل یا میکائیل یا اسرافیل سخر فی قلوب مخلوقات جمیع بنی آدم و بنات حوا حاضر لیس بغائب احضر وفی والمسخرات الجن والانس بحق یا المزمل یا ذوالجلال والاکرام برحمتك یا ارحم الراحمین و بحق کھیعص حمعسق) پھر یاایھا المزمل پڑھتا ہوا سورۃ کو ختم کرے اور آخر میں پھر اسی عزیمت کو ایک سو کی تعداد میں پڑھے۔ اس عمل کو گیارہ دنوں تک کیا جائے مکمل پرہیز جلالی و جمالی کی جائے اور تمام شرائط چلہ والی اختیار کی جائیں اس عمل کی بدولت عامل یا اس عمل کو کرنے والا خود محسوس کریگا کہ کل مخلوقات اس کا کیسے دم بھرتی ہے۔ اگر اس عمل کی آزمائش کرنی ہو تو کسی بے جان چیز کو اپنے سامنے لٹکائے اور اس پر ایک مرتبہ اس عمل کو پڑھے وہ چیز چل کر پاس آ جائیگی بے جان چیز چل کر آئیگی تو انسان پھر بھی جان دار ہے وہ اس کے اثر سے ضرور مغلوب ہوگا۔

مختلف اعمال سورۃ المزمل شریف

عداوت

دوافراد کے درمیان عداوت ڈلوانے یا اپنے دشمن کو تباہ و برباد کرنے کی غرض سے ارد کے آٹے کا ایک پراٹھا پکایا جائے اور دیسی گھی میں اسے تر کر کے اس روٹی کو کتے کو کھلائے اگر مرد ہوگا تو مقصد پورا ہوگا اگر عورت پر اس عمل کو کرنا ہو تو کالی کتیا کو کھلائے ایک مرتبہ اس عمل کو کرنے کے بعد خود روزانہ ایک مخصوص وقت میں سورۃ المزمل کو اکیس مرتبہ اعتصام واختتام کے ساتھ پڑھ کر جس کیلئے عداوت کرنی یا کروانی ہے اس کی شکل سامنے لاکر اس کو دم کر دیا کرے۔

دفع مسان

مسان ایک ایسا مرض ہوتا ہے جو حمل کے دوران یا پیدائش کے بعد شروع ہو جاتا ہے اور اس کا سارا بد اثر بچے پر ہوتا ہے اس کے کامل علاج کیلئے جب حمل ڈیڑھ ماہ کا ہو جائے تو اس وقت اکتالیس عدد کچے سوتی دھاگے کو عورت اپنے قد کے برابر ناپ لے ان دھاگوں کا رنگ نیلا ہونا چاہئے ایک مرتبہ سورۃ المزمل کو پڑھے ایک گرہ اس دھاگے کو دے اسی طریقے سے کل اکتالیس عدد گرھیں اس دھاگے کو لگائے جو اس عورت کے قد کے برابر کا ناپا گیا ہو اگر اس عمل کو پہلے بھی کسی نے کیا ہو اور اثر نہ ہوا ہو تو بکری کی تانت پر اس عمل کو پہلے بتائے جانے والے طریقے کار کے مطابق کیا جائے اور جیسے جیسے تانت سوکھتی جائے اور آخر کار سوکھ کر بالکل گلے کے سات جڑ جائے تو اسے سنبھال کر رکھے اور بعد پیدائش کے اسے بچے کے گلے میں باندھ دے بچہ مسان اور دیگر بد اثرات سے مکمل محفوظ ہوگا۔

ایضاً

سات عدد کچے ریشم کے دھاگے لاکر اس کا گنڈہ بنایا جائے اس پر گیارہ مرتبہ سورۃ المزمل شریف کو دم کر کے گیارہ گرہ دے اور ہر دفعہ سورۃ تمام کر کے ایک گرہ دے پھر اس گنڈے کو حاملہ کی کمر میں باندھ دیا جائے اللہ کے فضل سے ماں و بچہ دونوں ہی سلامت رہیں گے۔ اور جب پیدائش ہو تب اس گنڈے کو نہر یا دریا میں بہا دیا جائے۔

اولاد زندہ رہے

اکتالیس عدد چھالیے کے دانے لے کر ان پر ایک ہی جلسے میں اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر سورۃ المزمل کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اسے حاملہ عورت اپنے گلے میں باندھے اور جب پیدائش ہو تب اسے اتار کر بچے کے گلے میں باندھے بچہ مسان بدنظر اور دیگر بد حملوں سے محفوظ ہوگا۔

اولاد پیدا ہو

اکتالیس عدد تار کچے نیلے رنگ کے سوت کے لے کر پہلے تین مرتبہ اعتصام مع بسم اللہ کے پڑھ کر گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر گیارہ مرتبہ دم کر کے ایک گرہ لگا دے پھر سورۃ الرحمٰن مع بسم اللہ شروع کرے اور جب فبای الاء ربکما تکذبن پر پہنچے تو دھاگے پر دم کر کے ایک گرہ لگا دے پھر سورۃ المزمل شریف کو پڑھنا شروع کرے اور اسے اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے ایک گرہ لگا دے جب گنڈہ تیار ہو جائے تو حسب مقدار کسی میٹھی شے کو بچوں میں تقسیم کیا جائے اس گنڈے کو اس عورت کو تب باندھنے کیلئے دیا جائے جب حیض سے فارغ ہو جائے اسے کمر کے ساتھ باندھا جائیگا۔ نہایت ہی سریع التاثیر عمل ہے اور اللہ کے فضل سے اولاد ضرور پیدا ہوگی۔

ایضاً

اگر کسی کے ہاں اولاد پیدا نہ ہو رہی ہو تو ایک کلو کالے تلوں کا تیل صاف کر کے اس پر ایک سو مرتبہ سورۃ المزمل شریف اور سو مرتبہ درود ابراہیمی کو پڑھ کر دم کیا جائے اور جب عورت حیض سے فارغ ہو اس دن روزہ رکھے اور افطاری سے پہلے گائے کے دودھ پر اول و آخر سورۃ المزمل کا اعتصام واختتام اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور صرف اس دودھ سے افطاری کرے اگر ہو سکے تو اسی طریقے سے اعتصام واختتام کو پڑھ کر دم کرے اور اس دودھ سے سحری بھی کرے اس عمل کو ہفتے میں ایک مرتبہ بالکل اسی طریقہ کار سے کیا جائے اور پھر ہم بستری کی جائے اللہ کے فضل سے ایک ہفتے میں ہی حمل ٹھہر جائیگا۔

اولاد نرینہ

اگر کسی کے ہاں صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اور بیٹے کی خواہش ہو لیکن یہ خواہش پوری نہ ہوتی ہو تو اللہ کی رحمت کو غالب کرنے کیلئے اکتالیس عدد کالے میوے کے دانوں پر ایک ہی جلسے میں پاک و باوضو حالت میں سورۃ المزمل شریف کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے اور روز گیارہ دانے صبح دوپہر شام کھائے جائیں جب دانے ختم ہو جائیں تب نئے سرے سے دم کر کے کھائے جائیں اسی طریقے سے عمل کے ساتھ ساتھ ہمبستری کی جائے اللہ کے فضل سے جو نطفہ قرار پائیگا وہ نرینہ ہی ہوگا۔

شادی ہو

جس لڑکی و لڑکے کی شادی نہ ہوتی ہو وہ بروز جمعہ والے دن جمعہ کی نماز سے فارغ ہو کر دو رکعت نفل علیحدہ سے اپنی حاجت کے پڑھے اور بعد سلام پھیرنے کے سجدے میں جا کر ایک مرتبہ سورۃ المزمل شریف پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دم کر کے پورے جسم پر ملے اور روزانہ بعد نماز عشاء سورۃ المزمل شریف کو گیارہ مرتبہ اعتصام واختتام کے ساتھ پڑھ کر سادے پانی پر دم کرے اور پینے سے پہلے بے ادبی کئے بغیر اس پانی کے چھینٹے اپنے کمرے کے چاروں کونوں میں لگائے اور پھر نیچے بیٹھ کر بسم اللہ پڑھ کر اس پانی کو پئے اس عمل کی بدولت اللہ کے حکم سے کوئی اچھا رشتہ ضرور مل جائیگا۔

رہائی قیدی

اگر کوئی قیدی بے گناہ قید ہو گیا ہو اور اس کے مخالفین اس کو کسی بھی طریقے سے چھوڑنے کے حق میں نہ ہوں تو ان کا کامل تصور باندھ کر سات دنوں تک روزانہ سورۃ المزمل کو پاس میٹھی شے رکھ کر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر ان کا چہرہ سامنے لا کر دم کیا جائے اور آٹھویں روز پچھلے صفحے میں سورۃ المزمل کے مفردات اس کے تیار کرنے والے طریقے سے لکھ کر اس قیدی کو دی جائے وہ اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے قید سے نکلنے کا کوئی وسیلہ بن جائیگا۔

قرب حضور نبی کریم ﷺ

اگر کوئی سرکار مدینہ ﷺ کا دیدار کرنا چاہتا ہو اور ان کا قرب حاصل کرنے کی سعادت رکھتا ہو تو سب سے پہلے اپنے آپ کو شریعت کے مطابق چلنے کی عادت اپنائے اور کوئی بھی ایسا کام نہ کرے جس سے حضور ﷺ کو نفرت تھی تب اس عمل کو کیا جائے اس عمل کی بدولت سرکار مدینہ ﷺ کا ضرور قرب حاصل ہوگا۔ روزانہ بعد مغرب کی نماز کے بعد دو رکعت نفل اپنی حاجت کے ادا کرے پہلی رکعت میں بعد فاتحہ کے سورۃ المزمل کو اکیس مرتبہ پڑھے اور دوسری رکعت میں بیس مرتبہ بعد سلام پھیرنے کے اس کا سارا ثواب حضور نبی کریم ﷺ کو پہنچائے یہ نہایت ہی سریع التاثیر عمل ہے اس لئے قطعاً کوئی بھی گناہ والا کام ہرگز نہ کرے وگرنہ اپنے نفع ونقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔

رحمت الٰہی

اگر کوئی اللہ کا دیدار کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے دل میں نور پیدا کرنا چاہے اور اپنے دل کو گناہوں کی زنگ آلودگیوں سے پاک کرنا چاہے تو روزانہ بعد نماز ظہر ایک مرتبہ سورۃ المزمل کو اعتصام واختتام کے ساتھ پڑھ کر ایک سو ایک مرتبہ اس دعا کو پڑھے۔ اس عمل کا کسی سے بھی ذکر نہ کرے کیونکہ اس عمل کے ذریعے خواب اور دیگر مخفی اشارے ہوتے ہیں جن کو کسی دوسرے سے بیان مت کیا جائے۔ (بسم اللہ الرحمن الرحیم یا مسبب سبب یا مفلح افلح یا مفرج فرج یا مسھل سھل یا میسر یسر یا معمم عمم یا ذوالجلال والاکرام)

فتوحات

بڑے سے بڑا مقصد حل ہونے کیلئے اور ہر طرح سے فتح حاصل کرنے کیلئے کامل پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے روزانہ روزہ رکھا جائے اور نوچندے بدھ والے دن کو اس عمل کو شروع کیا جائے روز بعد نماز عشاء سورۃ المزمل کو اکتالیس مرتبہ اعتصام واختتام کے ساتھ اپنے مقصد کا کامل تصور باندھ کر پڑھے اور جب تعداد ختم کر لے تو آخر میں اس دعا کو اکیس مرتبہ پڑھے روزانہ اسی عمل پر مدامت کرتا جائے اس دوران پیش آنے والے حالات اور اسرار عجیبہ کا کسی دوسرے سے ہرگز ذکر مت کرے قلب روشن ہوگا اور جس کام کا تصور باندھ کر اس عمل کو ایک مرتبہ کریگا اسی وقت کام ہوگا۔ انشاء اللہ اگر کوئی اس عمل کو پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ نہ کرنا چاہتا ہو بلکہ موقع کی مناسبت سے بہت جلد کسی مشکل یا مصیبت کو رفع کرنا چاہتا ہو تب صرف بعد نماز عشاء سے صرف عمل پڑھے

(بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انی اسالک باسمک بسم اللہ الرحمن الرحیم ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو عالم الغیب والشھادۃ الرحمن الرحیم اسئلک باسمک بسم اللہ الرحمن الرحیم اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم لہ ما فی السموات وما فی الارض من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ یعلم ما بین ایدیھم وما خلفھم واسئلک باسمک بسم اللہ الرحمن الرحیم الذی عنت الوجوہ للحی القیوم وخشعت لہ الاموات ووجلت القلوب من خشیتہ ان تصلی علی محمد وعلی آل محمد وان تقضی حاجتی) یہاں اپنے مقصد کا نام لے۔ اسی وقت مصیبت یا مشکل کا خاتمہ ہوگا۔

محبوب

اگر کسی کا محبوب کسی سے التفات نہ کرتا ہو اور طالب کو پریشان کرتا ہو تو ایک کورا چراغ جلا کر اس کے سامنے بیٹھ کر تین پانچ یا سات مرتبہ محبوب کا کامل تصور باندھ کر سورۃ المزمل کو پڑھے اور چراغ میں کوئی بھی خوشبودار تیل ڈال کر جلائے محبوب بے قرار ہوگا اور طالب کے بغیر ایک پل بھی نہیں رہ سکے گا اگر سات سمندر پار بھی ہوگا تو واپس آئیگا۔

دشمن

اگر کوئی شریف انسان کسی بدقماش فرد کو عذاب میں مبتلا کرنا چاہے جو ناجائز پریشان کرتا ہو تو اس کا کامل تصور باندھ کر سورۃ المزمل کو اعتصام واختتام

کے ساتھ سفید کاغذ پر دشمن کی فرضی تصویر بنا کر اس پر دم کرے اور اس پر دم کر کے اسے مسجد میں نمازیوں کی جگہ مصلے کے نیچے دبائے اور پانچ وقت کی نماز ضرور پڑھے اور ہر فرض نماز کو ادا کر کے اس کاغذ کو نکال کر اس پر سات جوتیاں مارے اس عمل کو اکیس دنوں تک کرے دشمن یا حاسدوں کے سر پر جوتیاں پڑیں گی۔اکیس دنوں کے بعد اس کاغذ کو کسی پتھر کے نیچے دبائے دشمن کا کاروبار تباہ ہوگا۔اس عمل کو ناجائز ہرگز استعمال نہ کرے ورگرنہ نقصان ہوگا۔

محبوب

اگر کسی کا محبوب محبت نہ کرتا ہو تو اسم (المزمل) کو کورے چراغ میں کالی سیاہی سے لکھے اور اس میں کوئی خوشبودار تیل ڈال کر جلائے اور اس کے سامنے بیٹھ کر سورۃ المزمل کو اکتالیس مرتبہ اس کا رخ خانہ محبوب کی طرف رکھے اور تعداد ختم کرنے بعد محبوب کی شکل سامنے لاکر اسے دم کر دیا کرے محبوب مطیع و فرمانبردار ہوگا اور طالب سے زیادہ سے زیادہ پیار و محبت کریگا۔یاد رہے کہ اس عمل کو جائز جگہ استعمال کرنا چاہئے ورنہ گناہ ہوتا ہے۔

اطاعت محبوب

اگر کسی کا محبوب کہیں چلا گیا ہو تو اسم یا المزمل کو ہرن کی کھال پر کالی روشنائی سے لکھے اور اس میں جہاں محبوب کا نام لکھا ہو وہاں ایک سوئی سورۃ المزمل پڑھ کر دم کرے اور اس میں چبھو دے اور روز اس نقش کو کھول کر سورۃ المزمل کو محبوب کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے محبوب جہاں بھی ہوگا چند دنوں کے اندر حاضر ہوگا اگر محبوب حاضر ہو جائے تو اس ہرن کی کھال کو لپیٹ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے محبوب کبھی جدا نہیں ہوگا۔اور جیسا طالب کہے گا اس کی بات کو نبھانے کی کوشش کریگا۔

واپسی مفرور

اگر کوئی کہیں بھاگ گیا ہو اور واپس نہ آتا ہو تو ایک عدد قفل لا کر اس پر سات مرتبہ سورۃ المزمل کو اعتصام واختتام کے ساتھ اکیس مرتبہ پڑھے جب لفظ (وکیلا) تک پہنچے تو بھاگے ہوئے کا نام لے اور اس قفل پر دم کر کے اسے ہوا میں اس طریقے سے پھینکے کہ لوٹ کر واپس آئے اس عمل کو سات دنوں تک مسلسل کیا جائے چند دنوں کے اندر مفرور جہاں بھی ہوگا واپس آجائے گا۔انشاءاللہ

قائم حمل

اگر کسی خاتون کو کسی بھی طرح حمل نہ ٹھہرتا ہو تو مرد و عورت دونوں ہی روزانہ روزہ رکھیں اور سحری وافطاری کے وقت سورۃ المزمل کو زعفران سے لکھ کر اسے گلاب کے عرق سے دھو کر پئیں اللہ کے فضل سے حمل ٹھہرے گا۔اور بہت جلد ٹھہرے گا اس دوران اگر کوئی بھی کسی بھی قسم کی کوئی رکاوٹ ہوئی اس کا خاتمہ ہوگا اگر کسی نے ایسا کسی علم کے ذریعے بھی کروایا ہوگا تو اس عمل کی بدولت اس کے اثرات باطل ہونگے۔اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ کسی گھر میں کوئی بانجھ پن کی شکار عورت رہتی ہے اور صحیح خاتون اس گھر میں ایک مرتبہ پیشاب بھی کرلے تو اس کے اثرات سے اس کے بانجھ پن کے اثرات اس عورت پر اپنا غلبہ کر لیتے ہیں اور مرض واضح نہیں ہوتی یہ عمل بہت نافع ہے۔

مسخر

طعتططع

اگر کسی کو مسخر کرنا ہو تو اس شکل کو لکھے اور چاروں کونوں پر ان چاروں اسموں کے عدد مثبت کرے جو کچھ طالب و مطلوب کے اور ان کی ماؤں کے نام ہوں ان عددوں کو اس کے ساتھ لکھے اور اپنے پاس رکھے اللہ کے حکم سے جس کیلئے بھی اس شکل کو اپنے پاس رکھا جائے گا وہ مسخر ہوگا۔

فتح مندی

اگر کوئی بھی اس نقش کو ہر طرح کی فتوحات کیلئے مکان یا دکان میں حصول برکت کیلئے چاروں کونوں میں زعفران اور خوشبو سے معطر کرکے لگائے تو بہت فتوحات ہونگی بدنظری، بداعمال، جادو، ٹونہ، سایہ، جنات، کا خاتمہ ہوگا۔ اس کے اور بھی بہت سے خواص ہیں جو استعمال کرنے کے بعد معلوم ہونگے۔

م	مزمل	مزمل	مزمل	مزمل	م
ح	مزمل	مزمل	مزمل	مزمل	ح
م	مزمل	مزمل	مزمل	مزمل	م
ل	مزمل	مزمل	مزمل	مزمل	ل

الم حمعسق کھیعص ن

کسی کو دوست بنانا

یہ ایسا سریع التاثیر عمل ہے جس کی بدولت کوئی بھی اگر کسی سے دوستی کرنا چاہتا ہوگا تو دوستی ہوگی۔ کسی سے محبت قائم کرنی ہوگی تو محبت قائم ہوگی اگر کسی مسافر یا کسی بھی اپنے کو بلانا ہوگا تو واپس آئیگا مقصد کا تصور باندھ کر اگر کسی مرد کے کیلئے عمل کرنا ہو تو بکرے کے دل پر دم کر کے اسے قبرستان میں دفن کرے اگر کسی عورت کے متعلق عمل کرنا ہو تو بکری کے دل پر دم کر کے قبرستان میں دفن کرے اسی طرح اس کا ایک ہی عمل رہیگا اور مقصد کئی ہونگے۔ اگر کسی افسر کا دل موم کرنا ہو تو اسی عمل کو جو کوئی بھی کریگا اس افسر کا دل موم ہوگا اور وہ جو بھی جائز خواہشات ہونگی وہ پوری کرنے میں مدد کریگا۔ اس عمل کو کوئی کسی کو مسخر کرنے کی خاطر بھی کرسکتا ہے اگر کوئی فوجداری یا مقدمے میں پھنس گیا ہو تو اس عمل کو اس جج یا حاکم کے نام سے کرے جس کے ہاتھ میں فیصلہ ہو اس کا دل نرم ہوگا۔ اس عمل میں اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھا جائے اور سورۃ المزمل کو اعتصام واختتام کے ساتھ پڑھ کر دم کیا جائے۔

پیار پیدا ہو

اس مقصد کیلئے اس نقش کو کل تعداد ایک ہزار کے مطابق لکھے اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں مچھلیوں کو ڈالے ہر روز نقوش کو تازہ لکھے نقش ایک ہی کاغذ پر لکھے جاسکتے ہیں انہیں بعد میں علیحدہ کر کے گولیاں بنالی جائیں محبوب بے قرار ہوگا اور مطلوب سے زیادہ محبت کریگا۔ اس عمل کو کرنے کے ساتھ ساتھ خود بھی رات کو کورا چراغ جلا کر اس کے سامنے بیٹھ کر سورۃ المزمل کو اپنی نیت کا کامل تصور باندھ کر دم کرے۔

ل	م	ز	م
ز	م	م	ل
م	م	ل	ز
ل	م	ز	م

زبان بندی

اگر بدگو افراد کی زبان بند کرنی ہو تو ان کا کامل تصور باندھ کر روزانہ کسی شہید یا بزرگ کے مزار پر جا کر سورۃ المزمل کو اکیس مرتبہ اعتصام واختتام کے ساتھ پڑھے اور خاموشی سے گھر آجایا کرے اس عمل کو سات دنوں تک کرے اور کوئی حسب توفیق میٹھی شے بچوں میں تقسیم کردے جو افراد بدزبان استعمال کرتے ہونگے اس فرد کے حق میں ان کی زبان بندی ہوگی۔

بھاگا ہوا واپس آئے

اس عمل کا بار ہا مرتبہ تجربہ کیا جاچکا ہے اور ہر مرتبہ کامیابی ملی ہے اس لئے اگر کوئی بھاگ گیا ہو تو سورۃ المزمل کے مفردات جو کہ پچھلے صفحات میں درج

کردی گئی ہے اسی طرح زعفران سے لکھ کر اس بھاگنے والے کا نام لکھ کر وزنی پتھر کے نیچے دبائے اللہ کے حکم سے چند دنوں کے اندر حاضر ہوگا۔ اسی عمل کو محبوب کو واپس بلانے کیلئے بھی کیا جاسکتا ہے۔ پتھر سے مراد جو اصل پہاڑی پتھر ہوتا ہے وہی ہونا چاہئے کسی چیز کے نیچے نہ دبایا جائے۔

حاضرات

اس عمل کی جو کوئی بھی زکات ادا کردے گا تو وہ کسی بھی حاضرات میں اس سے کام لے سکے گا مثلاً اگر کسی چور کا حال دیکھنا ہو تو سورۃ کو اس چور کا تصور باندھ کر پڑھے اور اسے اپنی ہتھیلی پر دم کر کے نیچے ہاتھ رکھ کر سو جائے چور جہاں بھی ہوگا اس کا حلیہ اور اس کے رہنے والی جگہ کے متعلق خبر ہوگی۔ اس عمل کی زکات سوا لاکھ ہے جو چالیس دنوں میں پوری کرنی ہوگی۔ اثرات زکات کے بعد واضح ہونگے اس کے علاوہ اگر کوئی جن بھوت ہوگا یا کسی پر غیر انسانی مخلوق کو حاضر کرنا ہوگا تو سورۃ کو اعتصام و اختتام کے ساتھ پڑھ کر مریض کے دونوں کانوں اور اس کے سر پر دم کرے جو بھی چیز ہوگی وہ ہم کلام ہوگی۔ اور اس نورانی سورۃ کے عامل ہوتے ہوئے اپنے واپس جانے کا طریقہ کار خود ہی بتائے گی اگر کوئی زندگی میں اس ایک عمل میں کامیابی حاصل کرلے تو بڑی بات ہے۔ کیونکہ اس عمل کے ذریعے سے ملنے والی خبر جھوٹ نہیں ہوگی۔

اولاد نرینہ

اگر کسی کے ہاں صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اور لڑکا نہ ہو تو سورۃ کو بروز اتوار مفردات میں رات کو لکھے اور دودھ میں ڈال کر پیے اس عمل کو کم از کم اکیس دنوں تک کرے اللہ کے حکم سے اولاد نرینہ ہوگی یعنی لڑکا ہی پیدا ہوگا یہ عمل کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ اور اس کا اثر خطا نہیں جاتا اللہ رحمت ضرور کرتا ہے۔

خواب بندی

اگر کسی خواب بندی کرنی ہو یعنی اسے رات کو نیند نہ آئے تو سورۃ المزمل کو کالی سیاہی سے لکھے اور رات کو سونے سے پہلے اسے لوہے کے بڑے سے کیل کے گرد لپیٹے اور اپنے سرہانے رکھ کر سو جائے جس کیلئے اس عمل کو کیا جا رہا ہے اسے نیند نہیں آئیگی اور نہ ہی کوئی سونے والی دوا اثر کرے گی۔ اس عمل کو جائز جگہ استعمال کرے ورنہ گناہ گار ہوگا۔ اس عمل کو حب کے طور پر کوئی طالب و مطلوب بھی کرسکتے ہیں لیکن جب اسے لکھا جائے تو اس کے پیچھے اپنا مختصر سا مقصد بھی لکھیں اور بغض و عداوت کا عمل بھی اسی سے ہوتا ہے اور رات کو نیند نہیں آتی اس لئے جو بھی مقصد ہو اسے مختصر تحریر ضرور کریں۔

کشائش رزق

ہر مہینے کی ساتویں تاریخ کو صبح کے وقت غسل کریں اور آدھ پاؤ گیہوں کی آٹے کی دو روٹیاں پکائیں اور ان میں گھی چرب کریں ایک روٹی پر شکر رکھیں اور دوسری پر تھوڑا سا دہی اور نمک اور چار سیاہ مرچیں اور یہ سب جانماز کے کناروں پر رکھیں پھر فاتحہ ان روٹیوں پر دیں اس کے بعد قبل طلوع آفتاب سورۃ المزمل کے مفردات کو سات عدد لکھ کر رکھ لیں جب نماز ظہر کا وقت آئے تو نقوش کو دریا میں ڈال دیں اللہ کے حکم سے روزانہ غیب سے اتنے روپے ضرور مل جائیں گے جس سے اچھی طرح گذارا ہو سکے اس تمام عمل کے دوران کسی سے کسی بھی قسم کی کوئی گفتگو نہیں کرنی ہوگی۔ اور تمام عمل کو اگر ہو سکے تو درود پاک پڑھتے ہوئے کریں نماز کی سختی سے پابندی کریں اگر کوئی کاروباری فرد اس عمل کو کرے تو اسے رزق کی کمی نہیں ہوگی۔ اور دن بدن ترقی ہوگی۔ اس عمل کو کرتے ہوئے یا کرنے کے بعد ذکر مت کیا جائے وگرنہ اثر زائل ہو جائیگا۔

حب

اگر کوئی سورۃ المزمل کے مفردات کو پیپل کے درخت کے پتوں پر لکھ کر پیپل کے درخت کے ساتھ اونچی جگہ باندھ دے اور نام محبوب مع والدہ لکھے تو ان کے درمیان محبت زیادہ ہوگی۔

درد پستان

اگر کسی خاتون کو پستانوں کا کوئی بھی عارضہ ہو تو وہ سورۃ المزمل شریف کو اعتصام واختتام کے ساتھ سرسوں کے تیل پر دم کر کے اس کی مالش پستانوں پر کرے اور سورۃ کے مفردات کو دو عدد زعفران سے لکھے ایک کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی صبح نہار منہ پئے ایک کو اپنے گلے میں باندھے بفضل خدا پستانوں کے درد سے ہمیشہ کیلئے نجات ہوگی۔

رزق بندی

اگر کسی فرد کی شیطانی قوتوں وبداعمال کے ذریعے رزق بندی کردی ہو اور کہیں سے بھی روپے پیسے نہ ملتے ہوں یا روپے پیسے ملتے ہوں لیکن ان میں برکت نہ ہو تو سورۃ المزمل شریف کو اعتصام واختتام کے ساتھ سفید کاغذ پر زعفران سے ایک طرف لکھے اور دوسری طرف سورۃ کے مفردات کو لکھے اور اسے اپنے کاروباری مقام پر لگائے اور ایک کو اپنے گلے میں باندھے اللہ کے فضل سے تمام شیطانی قوتوں کا مکمل خاتمہ بالیقین ہوگا۔

چوری کا سامان برآمد

اگر کسی کا کوئی غلام یا اپنا ہی کوئی سامان چرا کر بھاگ گیا ہو تو سورۃ المزمل شریف کو ویران جگہ یا اوپر چھت پر جا کر تین دنوں تک سات سو مرتبہ

پڑھے اور چاروں طرف دم کرنے کے بعد آسمان کی طرف تین پھونکیں مارے اس عمل کی بدولت چور یا سامان چرا کر بھاگنے والا جہاں کہیں بھی ہوگا واپس آئیگا اگر نہیں آئیگا تو اسے کسی بھی پل چین وقرار حاصل نہیں ہوگا۔ اسی عمل میں شدت پیدا کرنے اور اس عمل کی آزمائش کرنے کیلئے اگر روزہ رکھ کر تین دنوں تک اس عمل کو کیا جائے تو کوئی بھی اس کی آزمائش کر سکتا ہے۔

جموگہ

بچے کی پیدائش ہوتے ہی سورۃ المزمل کو پہلے سے سادے پانی پر دم کر کے رکھ لے اور اس سے بچے کو نہلائے بچہ ہر قسم کی آفات وامراض اور خصوصاً مرض جموگہ سے محفوظ رہیگا۔ انشاءاللہ

ناف

اگر کسی کی ناف ٹل جاتی ہو اور کئی علاج سے بھی افاقہ نہ ہو تو کالی ڈوری پر گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل کو پڑھے ہر ایک مرتبہ پڑھنے کے بعد ایک گرہ ڈوری کو لگا دیا کرے اس ڈوری کو اپنی کمر میں باندھے ناف کا خاتمہ ہوگا۔

ترقی دوکان

اگر کوئی فرد بھی اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے فریم کروا کر اپنی دوکان کی چوکھٹ کے اوپر لگائے تو اس کا رزق فراخ ہوگا اور بندش دور ہوگی۔ پھر چار کونوں میں بھی اس نقش کو لگائے۔

یا	الـمـ ٣٤٧٤٣١ زمـل	یها
یا	الـمـ ٣٤٧٤٣١ زمـل	یها
یا	الـمـ ٣٤٧٤٣١ زمـل	یها

خاتمہ درد

اگر کسی کے گلے میں درد ہو یا کوئی گلٹی وغیرہ بن جائے تو سورۃ المزمل کو سادے پانی پر دم کر کے اسے درد یا گلٹی کی جگہ پر ملے اور خود بھی سورۃ کو پڑھ کر دم کرے اور مفردات کو کالی سیاہی سے لکھ کر درد کی جگہ باندھے۔

نظر بد

Imp

اگر کسی کو بار بار بدنظر لگتی ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر پاک صاف چمڑے میں بند کروا کر اپنے گلے میں پہنے اللہ کے حکم سے بدنظر کبھی نہیں ہوگی۔





پبلیکیشنز
ٹبہ بابا فرید ضلع کچہری لاہور
Ph: 042-37311965